﴿......اِنَّ الفَضلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآء﴾☆(آل عمران:۷۴) ﴿......عَسٰی اَنۡ یَّبۡعَثَکَ رَبُّکَ مَقَاماً مَّحۡمُوۡداً﴾ (بنی اسرائیل:۸۰)

الفضل

ہفت روزہ

انٹرنیشنل

مدیر اعلیٰ :— نصیر احمد قمر

جلد ۷ جمعۃ المبارک ۲۹/دسمبر ۲۰۰۰ء شمارہ ۵۲

۳/شوال ۱۴۲۱ ہجری ☆ ۲۹/فتح ۱۳۷۹ ہجری شمسی

اعمال صالحہ بجالانے کی دعا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ آنحضور ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے:

"اے اللہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا جو اعمال حسنہ بجالاتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں اور جب گناہ کر بیٹھتے ہیں تو استغفار کرتے ہیں"۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الادب باب الاستغفار)

﴿ارشادات عالیہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام﴾

ایمان ہی ہے جو رضائے الٰہی کا وسیلہ اور مراتب قرب کا زینہ اور گناہوں کا زنگ دھونے کے لئے ایک چشمہ ہے

سو اٹھو! ایمان کو ڈھونڈو اور فلسفہ کے خشک اور بیسُود ورقوں کو جلاؤ کہ ایمان سے تم کو برکتیں ملیں گی۔

دنیا میں ہر یک ماتم زدہ ہے مگر ایماندار۔ دنیا میں ہر یک سوزش اور فرقت اور جلن میں گرفتار ہے مگر مومن۔

"مَیں بار بار کہتا ہوں اور زور سے کہتا ہوں کہ اگر عقائد دینیہ فلسفہ کے رنگ پر اور ہندسہ اور حساب کی طرح عام طور پر بدیہی الثبوت ہوتے تو وہ ہر گز نجات کا ذریعہ نہ ٹھہر سکتے۔ بھائیو! یقیناً سمجھو کہ نجات ایمان سے وابستہ ہے اور ایمان امور مخفیہ سے وابستہ ہے۔ اگر حقائق اشیاء مستورنہ ہوتیں تو ایمان نہ ہوتا۔ اور اگر ایمان نہ ہوتا تو نجات کا کوئی ذریعہ نہ ہوتا۔ ایمان ہی ہے جو رضائے الٰہی کا وسیلہ اور مراتب قرب کا زینہ اور گناہوں کا زنگ دھونے کے لئے ایک چشمہ ہے۔ اور ہمیں خدائے تعالیٰ کی طرف حاجت ہے۔ اس کا ثبوت ایمان ہی کے ذریعہ سے ملتا ہے کیونکہ ہم اپنی نجات کے لئے اور ہر ایک دکھ سے راحت پانے کے لئے خدا تعالیٰ کے محتاج ہیں۔ اور وہ نجات صرف ایمان سے ہی ملتی ہے۔ کیا دنیا کا عذاب اور کیا آخرت کا دونوں کا علاج ایمان ہے۔ جب ہم ایمان کی قوت سے ایک مشکل کا حل ہو جانا غیر ممکن نہیں دیکھتے تو وہ مشکل ہمارے لئے حل کی جاتی ہے۔ ہم ایمان ہی کی قوت سے خلاف قیاس اور بعید از عقل مقاصد کو بھی پالیتے ہیں۔ ایمان ہی کی قوت سے کرامات ظاہر ہوتی ہیں اور خوارق ظہور میں آتے ہیں۔ اور انہونی باتیں ہو جاتی ہیں۔ پس ایمان ہی سے پتہ لگتا ہے کہ خدا ہے۔ خدا فلسفیوں سے پوشیدہ رہا اور حکیموں کو اس کا کچھ پتہ نہ لگا۔ مگر ایمان ایک عاجز دلق پوش کو خدا تعالیٰ سے ملا دیتا ہے اور اس سے باتیں کرا دیتا ہے۔ مومن اور محبوب حقیقی میں قوتِ ایمانی دلّالہ ہے۔ یہ قوت ایک مسکین، ذلیل، خوار، مردودِ خلائق کو قصرِ مقدس تک جو عرش اللہ ہے پہنچا دیتی ہے۔ اور تمام پردوں کو اٹھاتی اٹھاتی دلآرام ازلی کا چہرہ دکھا دیتی ہے۔

سو اٹھو اور فلسفہ کے خشک اور بے سود ورقوں کو جلاؤ کہ ایمان سے تم کو برکتیں ملیں گی۔ ایمان کا ایک ذرہ فلسفہ کے ہزار دفتر سے بہتر ہے اور ایمان سے صرف آخری نجات نہیں بلکہ ایمان دنیا کے عذابوں اور لعنتوں سے بھی چھڑا دیتا ہے اور روح کے تحلیل کرنے والے غموں سے ہم ایمان ہی کی برکت سے نجات پاتے ہیں۔ وہ چیز ایمان ہی ہے جس سے مومن کامل سخت گھبراہٹ اور قلق اور کرب اور غموں کے طوفان کے وقت اور اس وقت کہ جب ناکامی کے چاروں طرف سے آثار ظاہر ہو جاتے ہیں اور اسبابِ عادیہ کے تمام دروازے مقفل اور مسدود نظر آتے ہیں مطمئن اور خوش ہوتا ہے۔ ایمانِ کامل سے سارے استبعاد جاتے رہتے ہیں اور ایمان کو کوئی چیز ایسا نقصان نہیں پہنچاتی جیسا کہ استبعاد اور کوئی ایسی دولت نہیں جیسا کہ ایمان۔ دنیا میں ہر یک ماتم زدہ ہے مگر ایماندار۔ دنیا میں ہر یک سوزش اور فرقت اور جلن میں گرفتار ہے مگر مومن۔

اے ایمان کیا ہی تیرے ثمراتِ شیریں ہیں۔ کیا ہی تیرے پھول خوشبودار ہیں۔ سبحان اللہ! کیا عجیب تجھ میں برکتیں ہیں۔ کیا ہی خوش نور تجھ میں چمک رہے ہیں۔ کوئی ثریا تک پہنچ نہیں سکتا مگر وہی جس میں تیری کششیں ہیں۔ خدا تعالیٰ کو یہی پسند آیا کہ اب تو آوے اور فلسفہ جاوے۔ وَلَا رَآدَّ لِفَضۡلِہٖ۔ (آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۲۴۰۔۲۴۳ حاشیہ)

رشتہ ناطہ کو بہت زیادہ نظر انداز کیا گیا ہے۔ اسی طرح بیکار نوجوانوں کو کام پر لگانے کی طرف بھی توجہ بہت کم ہے۔ اب میں انشاء اللہ تعالیٰ ایسی سکیمیں بناؤں گا کہ میری نگرانی میں یہ دونوں کام چل پڑیں

(خلاصہ خطبہ جمعہ ۱۵/دسمبر ۲۰۰۰ء)

لندن (۱۵/دسمبر ۲۰۰۰ء): سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج خطبہ جمعہ مسجد فضل لندن میں ارشاد فرمایا۔ تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ آج کے مختصر خطبہ کے لئے مَیں نے کوئی نوٹس تیار نہیں کئے۔ ایک تو لمبا عرصہ کھڑا ہونے سے ٹانگوں میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ چلنے سے اتنی نہیں ہوتی جتنا کھڑا ہونے سے ہوتی ہے۔ دوسرے اس لئے کہ آج ایک اپنی رؤیا سنانی ہے جس میں خدا تعالیٰ نے میرے دو سوالات کا جواب دیا ہوا ہے۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ مجھے خیال تھا کہ مجھے مصروفیتیں بڑھانی چاہئیں۔ اس خیال میں سویا تو رات کو خواب میں میاں غلام احمد صاحب کو دیکھا جو میاں خورشید احمد صاحب کے چھوٹے بھائی ہیں اور ہمیشہ بہت اچھا مشورہ دیا کرتے ہیں۔ حضور نے بتایا کہ خواب میں وہ کہتے ہیں کہ ہمیں آپ کی دو کاموں میں بہت ضرورت ہے۔ ایک تو رشتہ ناطہ ہے۔ بہت سی لڑکیاں بیچاری بغیر شادی کے پڑی ہیں اور بہت سے لڑکوں کو اپنا مناسب رشتہ نہیں ملتا۔ پاکستان میں بھی بہت اچھے لڑکے ہیں جو اچھا پروفیشن اختیار کر سکتے ہیں۔ اور سادہ مزاج ہیں۔ اگر انگلستان کی لڑکیاں ناک بھوں نہ چڑھائیں اور اس رشتہ کو قبول کریں تو دونوں کا فائدہ ہے۔ اور ساتھ ہی کہا کہ دوسرا کام ہے بیکار نوجوانوں کو کام پر لگانا۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ یہی دو باتیں ہیں جو مَیں آپ کو سنانی چاہتا ہوں۔ حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ امیر صاحب یو۔کے۔ اور بعض دوسرے صائب الرائے لوگوں کے مشورہ سے مَیں انشاء اللہ ایسی سکیم بناؤں گا کہ میری نگرانی میں یہ دونوں کام چل پڑیں۔ حضور نے احباب جماعت کو دعا کے ذریعہ اس بارہ میں مدد کی تحریک فرمائی۔

اداریہ

عہدِ نو ہے تمہارے نام۔ چلو

گردش لیل و نہار کی طرح وقت ایک ایسا مسلسل بہنے والا دھارا ہے جو بغیر کسی توقف کے آگے بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ اس کو ماپنے کے مختلف پیمانے دنیا میں رائج ہیں۔ انہی میں سے ایک عیسوی کیلنڈر بھی ہے جو اس وقت دنیا کے ایک بڑے حصہ میں معروف اور رائج ہے اور اکثر بین الاقوامی امور میں اسی کیلنڈر کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کیلنڈر کی رو سے یکم جنوری (۲۰۰۱ء) سے نئے سال ہی کا نہیں بلکہ نئی صدی اور تیسرے عیسوی ہزار سال کا دور شروع ہوگا۔ وقت کا سفر تو ایک مسلسل اور جاری سفر ہے اور اس کے تمام لحات ایک سے ہیں اپنی ذات میں کسی ایک لمحے کو کسی گزشتہ یا آنے والے لمحے پر کوئی فضیلت حاصل نہیں۔ البتہ کسی بھی لمحہ میں ہونے والا کوئی عظیم الشان واقعہ اس لمحہ کو عظمت بخش دیتا ہے اور ایک یادگار حیثیت عطا کر دیتا ہے۔ وہ وقت کیسا خوش نصیب اور مبارک وقت تھا جب اللہ تعالیٰ نے تمام بنی نوع انسان کو ہر قسم کی ظلمتوں اور گناہوں سے نجات دینے کے لئے رحمۃ للعالمین، خاتم النبیین حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو پیدا کیا اور پھر آپ کی زندگی کا ہر آنے والا لمحہ ﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى﴾ کے مصداق پہلے سے زیادہ بہتر اور زیادہ خیر و برکت کا موجب بنتا رہا۔ اور یہی اسوہ حسنہ ہے جس کی اتباع کی ہمیں تاکید کی گئی ہے کہ ہم اپنے وقت کو بہترین مصرف میں لائیں اور ہر آنے والے لمحہ کو پہلے سے حسین تر اور مفید تر بنانے کی سعی کریں۔ ورنہ ایک دن سے دوسرے دن میں داخل ہونا یا ایک سال سے یا ایک صدی سے دوسرے سال یا صدی میں داخل ہونا اپنی ذات میں کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ ہاں اپنی زندگیوں میں پاک تبدیلی کے لئے کئے گئے ہمارے عزم اور آنے والے دور کو خدا اور اس کے رسول کی مرضیات کے مطابق گزارنے کے لئے ہماری کوششیں ہمارے آج کے وقت کو عظمت بخش سکتی ہیں۔ خدا کرے کہ ہم انفرادی طور پر بھی اور جماعتی حیثیت میں بھی نئے سال اور نئی صدی میں صدق کے ساتھ داخل ہوں اور ہمارا وقت کے اس پیمانے کی رو سے موجودہ دور سے نکلنا بھی صدق کے ساتھ ہو۔ اور آنے والے دور کا "ہر دن چڑھے مبارک ہر شب بخیر گزرے"۔

احباب جماعت جانتے ہیں کہ ۲۳ر مارچ ۱۸۸۹ء کو جماعت احمدیہ کے قیام کی پہلی صدی مکمل ہونے پر ہم نے اپنی جماعتی زندگی کی دوسری صدی میں قدم رکھا تھا۔ اس موقعہ پر سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت کو آنے والی صدی کی اہمیت بتاتے ہوئے اور اس میں ہم پر عائد ہونے والی عظیم ذمہ داریوں سے آگاہ کرتے ہوئے الٰہی بشارات کا بھی ذکر فرمایا تھا۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس نئی عیسوی صدی کے آغاز پر حضور ایدہ اللہ کے وہ ارشادات پھر احباب کے سامنے پیش کریں تاکہ احباب ان ہدایات کی روشنی میں خدمت اسلام کے نئے عزم اور نئے ارادے باندھتے ہوئے نئی صدی میں داخل ہوں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۷ر مارچ ۱۹۸۹ء میں فرمایا:

"مجھے یہ دکھائی دے رہا ہے کہ اگلی صدی میں فضا تبدیل ہونے والی ہے اور خدا تعالیٰ کی طرف سے حیرت انگیز تائیدی نشانات دکھلائے جائیں گے۔ بہت ہی عظیم کام ہم نے کرنے ہیں جن کے لئے اگلی صدی کا دور مقدر ہو چکا ہے اور بہت سی نئی ذمہ داریاں ہم پر ڈالی جانے والی ہیں جن کے لئے ہم اپنے آپ کو جہاں تک توفیق ہے تیار کر رہے ہیں۔ لیکن جو کام درپیش ہے اور جو مشکلات سامنے ہیں ان کو دیکھ کر بسا اوقات یہ محسوس ہوتا ہے جیسے عظیم الشان پہاڑ سامنے کھڑے ہیں جن کو سر کرنے کی ہم میں طاقت نہیں ہے اور وہ پہاڑ ایسے ہیں جو بڑے تکبر کے ساتھ اپنی چوٹیوں کے سر بلند کئے ہوئے ہمیں اس طرح حقارت سے دیکھ رہے ہیں اور اس طرح چیلنج دے رہے ہیں کہ تم کون ہو اور ہوتے کیا ہو کہ ہماری بلندیوں کو فتح کرنے اور سر کرنے کے ارادے باندھ رہے ہو، چاروں طرف یہی عالم ہے۔ ہر طرف سے احمدیت کے لئے روکیں کھڑی کی جا رہی ہیں اور راستے کی تمام روکیں جو پہلے تھیں ان کو بلند تر کیا جا رہا ہے۔ پہلے افراد یہ دعوے کیا کرتے تھے کہ ہم احمدیت کو مٹا دیں گے اور ایسے منصوبے باندھا کرتے تھے، پھر گروہوں نے یہ کام شروع کیا، پھر ملک ملک کے گروہ اکٹھے ہوئے اور اب حکومتوں نے یہ کام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور حکومتوں کے گروہ اس بات پر اکٹھے ہو رہے ہیں کہ جس طرح بھی بن سکے، احمدیت کی راہ روک دی جائے اور ان کی ترقی کی تمام راہیں مسدود کر دی جائیں۔"

"ہمارے بلند بانگ دعاوی دیوانوں کی بڑ نہیں ہیں بلکہ ایسے فرزانوں کی باتیں ہیں جن کے پیچھے خدا کا کلام ہے اور ان کی پشت پناہی کر رہا ہے اور جن کے پیچھے انبیاء کی تمام تاریخ کھڑی ہے اور انہیں جرأت اور حوصلے دلا رہی ہے کہ آگے بڑھو۔ دنیا کی کوئی طاقت تمہارا بال بیکا نہیں کر سکتی۔ تمہارے مقدر میں آگے بڑھنا ہے، آگے بڑھنا ہے، آگے بڑھنا ہے۔ اس لئے خدا پر توکل کرتے ہوئے، دعائیں کرتے ہوئے بے خوف آگے سے آگے بڑھتے چلے جاؤ"۔

"اسلام کی سربلندی کی خاطر اس صدی سے اپنے سر جھکا کر نکلو اور اگلی صدی میں اسلام کی سربلندی کی خاطر اپنے سر جھکا کر داخل ہو۔ عجز و انکسار کے ساتھ داخل ہو۔ دعائیں کرتے ہوئے داخل ہو۔ خوشیوں کے گیت ضرور گاؤ لیکن اس کامل یقین کے ساتھ کہ ہمارا ایک خدا ہے جو ہماری پشت پناہی کے لئے کھڑا ہے اور ہم میں کوئی بھی طاقت نہیں۔ جب تک اس خدا کی نصرت ہماری مدد کو نہ آئے ہم ایک انگلی ہلانے کی طاقت بھی نہیں رکھتے، ایک قدم بھی آگے بڑھانے کی طاقت نہیں رکھتے۔ ہمارا سانس لینا بھی اپنی طاقت میں نہیں ہے۔ یہ سب کچھ صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے نصرت کا اِذن جاری ہو۔ اگر اس عجز کے ساتھ آگے بڑھو گے تو خدا تعالیٰ کی تقدیر تمہیں ایسے نظارے دکھائے گی کہ نہایت عاجز اور حقیر چیزیں دنیا میں عجیب عظمتیں پا گئیں"۔

"پس جہاں تک غیروں کے محمد رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے دشمنوں کے مٹنے کا تعلق ہے یاد رکھو! کہ خدا اُن کو مٹائے گا اور تم سے نہیں مٹائے جا سکتے۔ جہاں تک تمہارا عظمتیں حاصل کرنے کا تعلق ہے یاد رکھو خدا ہی کے ہاتھ میں یہ عظمتیں ہیں لیکن وہ صرف عاجز بندوں کو یہ عظمتیں عطا کیا کرتا ہے"۔

جماعت کی یہ ساری صدی اور اس صدی کا ہر سال اور ہر سال کا ہر دن احمدیت کی صداقت کو روشن تر کرنے والا ثابت ہوا۔ اور مخالفتوں کے ہر طوفان سے یہ جماعت محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے زیادہ مضبوط اور مستحکم ہو کر نکلی ہے۔ بیسویں صدی کے آخری چند سالوں میں تو اس جماعت کی ترقی اور تزکیہ نے نئی رفعتوں کو حاصل کیا ہے۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل اور عالمی بیعت اور جماعت کی مالی قربانی اور قیام صلوۃ اور خدمت بنی نوع انسان کے مختلف میدانوں میں حیرت انگیز ترقیات ناقابل تردید حقائق ہیں۔ بیسویں صدی کے اس آخری سال (۲۰۰۰ء) میں اللہ تعالیٰ نے جماعت کی عالمی ترقی کی جو عظیم بنیادیں استوار کی ہیں کہ صرف ایک سال میں چار کروڑ سے زائد افراد کو احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں داخل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی انہیں دیکھتے ہوئے کون اندازہ لگا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اگلی صدی میں ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک کے لئے کیا کیا عظیم سامان کر رکھے ہیں۔

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ برطانیہ ۲۰۰۰ء کے موقعہ پر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی ایک تحریر پیش کرتے ہوئے اور اِس دور کی سو سال پہلے کے دور سے حیرت انگیز مشابہتوں کے حوالہ سے ۲۰۰۰ء سے ۲۰۰۲ء تک کے تین سالوں کی غیر معمولی اہمیت کا ذکر فرمایا تھا اور فرمایا تھا کہ:۔

"ابھی دو سال باقی ہیں۔ اب آگے آگے دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ اور مولوی کس قدر اپنے سینے کے ابال میں ابلتے اور جلتے ہیں۔ خدا کے فضل سے اب احمدیت کی دنیا بھر میں ترقی کو دنیا کی کوئی طاقت روک نہیں سکتی۔ ناممکن ہے۔ جتنا چاہیں زور لگائیں۔ ایڑی چوٹی کا زور لگائیں، یقیناً ناکام اور نامراد ہی رہیں گے اور احمدیت دن بدن ترقی کرتی چلی جائے گی"۔

پس آنے والی نئی صدی بہت سے انقلابات کی صدی ہے۔ آیئے ہم ماضی میں نازل ہونے والے خدا کے فضلوں کو یاد کرتے ہوئے اور اس کے احسانات پر اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اور نہایت درخشندہ اور روشن تر مستقبل کے لئے اس کے وعدوں کے ایفاء کے لئے دعائیں کرتے ہوئے نئی صدی میں داخل ہوں۔ اور جیسا کہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ نے ۱۷ر مارچ ۱۹۸۹ء کے خطبہ جمعہ میں جماعت کی دوسری صدی میں داخل ہوتے ہوئے دعا دی تھی خدا کرے ہم اسی شان سے اس عیسوی صدی میں داخل ہوں جس کے متعلق ہمیں یقین ہے کہ بفضلہٖ تعالیٰ یہ عالمگیر غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

"اللہ کرے کہ ہم اس شان سے اور اس عجز کی شان کے ساتھ، اس توکل سے اور اس توکل کی شان کے ساتھ، اس دعا سے اور اس دعا کی شان کے ساتھ اگلی صدی میں داخل ہوں کہ ہمارا قدم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی راہوں پر آگے بڑھتا رہے اور ایک قدم بھی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی راہوں سے ہٹ کر آگے نہ بڑھے۔ خدا کرے کہ ایسا ہی ہو"۔

حضرت خواجہ غلام فریدؒ آف چاچڑاں شریف کے

ارشادات میں تحریف

(دوست محمد شاہد۔ مؤرخ احمدیت)

مشائخ پنجاب میں مثالی شخصیت

چشتی سلسلہ کے خدارسیدہ صلحاء و صوفیاء و مشائخ پنجاب میں والیٔ ریاست بہاولپور نواب محمد صادق خان کے پیر حضرت خواجہ غلام فرید صاحب چاچڑاں شریف (ولادت ۲۶؍نومبر ۱۸۴۵ء۔ وفات ۲۴؍جولائی ۱۹۰۱ء) کو ایک ممتاز اور منفرد مقام حاصل ہے۔ وجہ یہ کہ آپ مہدی دوراں اور مسیح وقت کے پُرجوش مصدقین میں سے تھے۔ چنانچہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”بعض نشان اس قسم کے ہیں جو میری تصدیق کے لئے بڑے بڑے ممتاز لوگوں کو جو مشاہیر فقراء میں سے تھے خوابیں آئیں اور آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھا جیسے سجادہ نشین صاحبُ العَلَم سندھ جن کے مرید ایک لاکھ کے قریب تھے اور جیسے **خواجہ غلام فرید صاحب** چاچڑاں والے“۔(حقیقۃ الوحی۔ طبع اول صفحہ ۲۸۔ تاریخ اشاعت ۱۵؍مئی ۱۹۰۷ء)

اس کے بعد حضورؑ نے کتاب کے صفحہ ۲۰۶ تا ۲۰۹ پر اپنے مبارک قلم سے درج ذیل الفاظ میں اس کی تفصیل زیب قرطاس فرمائی:

”۱۹۔ انیسواں نشان یہ ہے کہ خواجہ غلام فرید صاحب نے جو نواب بہاولپور کے پیر تھے میری تصدیق کے لئے ایک خواب دیکھا جس کی بنا پر میری محبت خدا تعالیٰ نے ان کے دل میں ڈال دی اور اسی بنا پر **کتاب اشارات فریدی میں جو خواجہ صاحب موصوف کے ملفوظات ہیں جا بجا خواجہ صاحب موصوف میری تصدیق فرماتے ہیں** ۔ اہل فقر کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ ظاہری جھگڑوں میں بہت کم پڑتے ہیں اور جو کچھ خدا تعالیٰ کی طرف سے ان کو بذریعہ خواب یا کشف یا الہام پتہ ملتا ہے اس پر ایمان لاتے ہیں ۔ پس چونکہ خواجہ غلام فرید صاحب پیر صاحب العَلَم کی طرح پاک باطن تھے اس لئے خدا نے ان پر میری سچائی کی حقیقت کھول دی اور کئی مولوی جیسے مولوی غلام دستگیر خواجہ صاحب کو میرا مکذب بنانے کے لئے آپ کے گاؤں میں پہنچے جیساکہ کتاب اشارات فریدی میں خواجہ صاحب نے خود یہ حالات بیان کئے ہیں اور بعض غزنویوں کا بھی خواجہ صاحب موصوف کے پاس خط پہنچا۔ مگر آپ نے کسی کی بھی پروا نہیں کی اور ان خشک ملاّؤں کو ایسے دندان شکن جواب دئے کہ وہ ساکت ہوگئے اور خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ کا خاتمہ مصدق ہونے کی حالت میں ہوا۔ چنانچہ وہ خطوط جو آپ نے میری طرف لکھے ان سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے کس قدر میری محبت ان کے دل میں ڈال دی تھی اور کس قدر اپنے فضل سے میرے بارہ میں ان کو معرفت بخش دی تھی۔ خواجہ صاحب نے اپنی کتاب اشارات فریدی میں مخالفوں کے حملوں کا جا بجا جواب دیا ہے جیساکہ ایک جگہ اشارات فریدی میں لکھا ہے کہ کسی نے خواجہ صاحب موصوف کی خدمت میں عرض کی کہ آتھم میعاد کے بعد مرا۔ انہوں نے میرا نام لے کر فرمایا کہ اس بات کی کیا پروا ہے۔ مَیں جانتا ہوں کہ آتھم انہیں کے نفس سے مرا ہے یعنی انہیں کی توجہ اور عقد ہمت نے آتھم کا خاتمہ کر دیا۔ اور کسی نے میری نسبت آپ کو کہا کہ ہم ان کو مہدی معہود کیونکر مان لیں کیونکہ مہدی موعود کی ساری علامتیں جو حدیثوں میں لکھی ہیں ان میں پائی نہیں جاتیں۔ تب خواجہ صاحب اس کلمہ پر ناراض ہوئے اور فرمایا کہ یہ تو کہو کہ تمام قرار دادہ نشان جو لوگوں نے پہلے سے سمجھ رکھے تھے کس نبی یا رسول میں سب کے سب پائے گئے۔ اگر ایسا وقوع میں آتا تو کیوں بعض کافر رہتے اور بعض ایمان لاتے ۔ یہی سنت اللہ ہے کہ جو علامتیں پیشگوئیوں میں کسی آنے والے نبی کے بارہ میں لکھی جاتی ہیں۔ وہ تمام باتیں اپنے ظاہری الفاظ کے ساتھ ہرگز پوری نہیں ہوتیں۔ بعض جگہ استعارات ہوتے ہیں بعض جگہ خود اپنی سمجھ میں فرق پڑ جاتا ہے اور بعض جگہ پرانی باتوں میں کچھ تحریف ہو جاتی ہے۔ اس لئے تقویٰ کا طریق یہ ہے کہ جو باتیں پوری ہو جائیں ان سے فائدہ اٹھائیں اور وقت اور ضرورت کو مد نظر رکھیں۔ .... غرض خواجہ **غلام فرید صاحب کو خدا تعالیٰ نے یہ نور باطن عطا کیا تھا۔ کہ وہ ایک ہی نظر میں صادق اور کاذب میں فرق کر لیتے تھے۔** خدا اُن کو غریق رحمت کرے اور اپنے قرب میں جگہ دے۔ آمین“۔(حقیقۃ الوحی)

حضرت مسیح موعودؑ کے نام خطوط

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نام حضرت خواجہ غلام فریدؒ نے نہایت درجہ عقیدت سے لبریز تین خطوط ارسال کئے تھے جو حضورؑ نے ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۳۹ اور ضمیمہ رسالہ سراج منیر صفحہ الف، ب، ج، ن پر شائع فرمائے اور آپ کو ”فرید وقت“ کے خطاب سے نوازا۔

حضرت خواجہ صاحبؒ کا پہلا خط عربی میں (مورخہ ۲۷؍رجب ۱۳۱۴ھ)۔ دوسرا فارسی میں (مورخہ ۲۷؍شعبان ۱۳۱۴ھ) اور تیسرا بھی فارسی میں تھا۔ (تاریخ ۴؍شوال ۱۳۱۴ھ)۔ ہر خط پر آپ کی مہر ثبت تھی۔

پہلے خط میں آپؒ نے تحریر فرمایا:

”اے ہر ایک حبیب سے عزیز تر آپ کو معلوم ہو کہ میرا مقام ابتداء ہی سے آپ کی تعظیم کرنا ہے تاکہ مجھے ثواب حاصل ہو۔ اور کبھی میری زبان پر بجز تعظیم و تکریم اور رعایت آداب کے آپ کے حق میں کوئی کلمہ جاری نہیں ہوا۔ اور اب مَیں آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ مَیں بلاشبہ آپ کے نیک حال کا معترف ہوں۔ اور مَیں یقین رکھتا ہوں کہ آپ خدا تعالیٰ کے صالح بندوں میں سے ہیں اور آپ کی سعی عند اللہ قابل شکر یہ جس کا اجر ملے گا۔ اور خدائے بخشندہ بادشاہ کا آپ پر بڑا فضل ہے۔ میرے لئے عاقبت بالخیر کی دعا کریں۔(ترجمہ)

دوسرے خط کا خلاصہ یہ تھا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت جناب مرزا صاحب عالی مراتب مجموعہ محاسن بیکراں مستجمع اوصاف بے پایاں مکرم معظم برگزیدہ خدائے احد جناب مرزا غلام احمد صاحب مَتّع اللّٰهُ النَّاسَ بِبَقَائِهٖ وَ سَرَّنِی بِلِقَائِهٖ وَ اَنْعَمَهٗ بالآئہ۔

اس سلام کے بعد جو از روئے اسلام مسنون ہے اور کامل شوق اور اس دعا کے بعد کہ آپ کا نام روشن ہو اور آپ کا مرتبہ بلند ہو۔ یہ بات واضح اور عیاں ہے کہ وہ مکتوب جس سے محبت کی بو آتی ہے اور جو کامل مہربانیوں سے بھرا ہوا ہے مع اس کتاب کے جو آنجناب نے بھیجی تھی پہنچا۔ جس نے تازہ خوشی کے چہرہ کو بے نقاب کر دیا اور بیحد خوشی کا موجب ہوا۔ پس پوشیدہ نہ رہے کہ یہ خاکسار اپنی فطرت کے تقاضا کے مطابق شروع سے ہی جھگڑوں میں پڑنے اور مباحثات میں قدم رکھنے سے گریزاں رہا ہے۔......

...... یہ بات مخفی نہ رہے کہ آجکل کچھ علماء وقت نے مجھ سے جواب طلبی کی ہے کہ کیوں ایک ایسے شخص کو (یعنی آنجناب کو) جو باتفاق علماء ایسا ویسا ثابت ہو چکا ہے نیک مرد قرار دیتے ہیں۔ اور کس وجہ سے ان کے ساتھ حسن ظنی رکھتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ میرے محبت نیوش کان جوں جوں آنمکرم کی مساعی سے آگاہی کے ذخیرہ سے بہرہ مند ہوتے ہیں میرا محبت شعار دل اس اخلاص میں اور بھی بڑھ گیا ہے کہ جو پہلے رکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ کوئی سبب بہتر پیدا ہو جائے اور مبارک گھڑی ظاہر ہو جائے کہ جس سے جسمانی دوری کا پردہ اور فاصلہ کی لمبائی کا نقاب درمیان سے اٹھ جائے۔ اور اگر آپ وہ مضمون جو جلسہ مذاہب میں پیش فرمایا تھا میرے پاس بھیج کر مسرور کریں تو احسان ہوگا۔

تیسرے مکتوب کا خلاصہ یہ تھا:

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ہمیں جناب سے جو کہ تمام نفوس اور تمام جہانوں کے روح رواں ہیں ملاقات کا شوق اتنا زیادہ ہے جتنے کہ آپ کے اخلاق کریمانہ زیادہ ہیں۔ اور اس مجاہد فی سبیل اللہ کی محبت روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ اس سخی ذات کا جو بخل سے پاک ہے بڑا احسان ہے کہ اس فقیر کے اوقات کو بیحد مہربانی سے ظاہر وباطن کی عافیت کی راہوں پر چلا رکھا ہے اور ہماری دعا اور مقصود ہے کہ خدائے عزیز آپ جیسے پسندیدہ اخلاق اور حمیدہ خصائل انسان کا مؤید رہے اور محبت اور پیار کے چمکتے ہوئے موتیوں کی لڑی اور صداقت واتحاد کے درخشندہ جواہر کا ہار یعنی جناب کا وہ خط جو سراپا اخلاص اور صفا کے مواد سے بھرا ہوا ہے اور جو راستی اور سچی محبت کے ذخیروں سے لبریز ہے اُس نے ہمیں اپنے کریمانہ ورود سے مشرف فرمایا اور ہمیں بیحد مسرت بخشی۔ اے معالم کے سمندروں میں غوطہ لگانے والے! اس فقیر نے آپ کے الفت آمیز الفاظ اور مسرت بخش معانی اور حیرت انگیز معارف سے ایک ایسا ذخیرہ حاصل کیا ہے جس سے دل بیحد محظوظ ہوا اور جلسہ اعظم مذاہب لاہور کا مضمون جو آنجناب نے ارسال فرمایا ہے باوجود ایک بیش قیمت حقائق کی (روحانی) غذا ہونے کے (اس کے مضمون کو) حیرت انگیز طریق سے ادا کیا گیا ہے جس نے سامعین کے دل موہ لئے۔

یہ خطوط اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے جوابی مکاتیب ”اشارات فریدی“ جلد سوم میں ریکارڈ ہو چکے ہیں۔ اس طرح یہ خط وکتابت قیامت تک کے لئے محفوظ ہو گئی ہے۔

”اشارات فریدی“ حصہ سوم کی عظمت و منزلت

”اشارات فریدی“ کے آخر میں صفحہ ۱۸۶، ۱۸۷ پر لکھا ہے:

”(ترجمہ): کتاب اشارات فریدی المعروف مقابیس المجالس کی تیسری جلد مکمل ہوئی...... اور یہ جلد سوم اول تا آخر مَیں نے خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ کی خدمت اقدس میں سبقاً سبقاً پڑھی اور حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے کمال مہربانی اور توجہ سے اس کو سنا اور پوری تحقیق کے ساتھ اس کی تصحیح واصلاح فرمائی۔ فقط۔ تمت بالخیر“۔

اس کے بعد حضرت خواجہ غلام فرید صاحب رضی اللہ عنہ کے فرزند جلیل اور جانشین قطب الموحدین حضرت خواجہ محمد بخش صاحب (ولادت ۱۸۶۵ء۔ وفات ۱۵؍ستمبر ۱۹۱۱ء) نے اس مبارک تالیف پر جو شاندار اور بے نظیر تقریظ رقم فرمائی اس نے کتاب کے لفظ لفظ کے مستند ہونے پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ ذیل میں اس معرکہ آراء تقریظ کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:۔

”سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے اور اس کے رسول خاتم النَّبِیّین اور اس کی آل اور اصحاب پر دُرود اور سلام ہو۔

اما بعد فقیر محمد بخش سکنہ چاچڑاں شریف کہتا ہے کہ چونکہ کتاب مقابیس المجالس میں درحقیقت معرفت کا ایک نصاب ہے اور اشارات فریدی کے نام سے مشہور ہے اور جو کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ملت کے سر تاج حجت نبویؐ کی روشن دلیل اور خدائے یگانہ کے انوار غیبیہ کے

مشاہدہ کرنے والے وحدانیت سے پردہ اٹھانے والوں کے بادشاہ مشہور بزرگ عالم قطب جہان۔ مانے ہوئے غوث عالم ملکوت کے حقائق بیان کرنے والے توحید کی مجسم صورت، ہمارے سردار، ہمارے مرشد حضرت قبلہ خواجہ غلام فرید میرے والد ماجد رضی اللہ عنہ کے ملفوظات مبارکہ ہیں جو برادرم دینی (دینی بھائی) مولانا رکن الدین صاحب سکنہ پرہار سونکی سلمہٗ ربہ نے نو سال کی مدت میں ہمہ تن گوش رہ کر جمع کئے ہیں۔ جس کا صرف ایک ہی نسخہ تھا اور آپ کے تمام معتقدین اور سب طالبان طریقت اور مالکان حقیقت ہر طرف دوڑتے پھرتے اور اس معرفت کے خزانہ کے متلاشی تھے۔ پس بہت سارو پیہ خرچ کر کے خان صاحب والا شان محمد عبد العلیم خان صاحب بہادر سکنہ ریاست ٹونک کے زیر اہتمام اس کو طبع کرایا تاکہ دنیا کے تمام اطراف واکناف میں پھیل جائے اور ہر کوئی اس مبارک نسخہ کے مطالعہ میں اپنی ہمت صرف کرے اور معارف کے موتی حاصل کرے۔ فقط۔

(دستخط) فقیر محمد بخش بقلم خود

"اشارات فریدی" جلد سوم ۱۳۲۰ھ میں مطبع مفید عام آگرہ میں چھپی تھی اور اس کے سرورق پر اس کا پورا نام "مقابیس المجالس المعروف اشارات فریدی" شائع ہوا۔

اشارات فریدی جلد سوم میں تعریفی کلمات

ان مکاتیب کے علاوہ جو آپ کے ملفوظات 'اشارات فریدی' میں شائع شدہ ہیں۔ آپ کے ارشادات میں حضرت مسیح موعود کی شان اقدس کے متعلق تعریفی کلمات بڑی کثرت سے موجود ہیں جو فارسی الفاظ میں ہیں جن میں سے بعض کا اردو ترجمہ نمونۃً ذیل میں پیش خدمت کیا جاتا ہے۔ یہ ارشادات "اشارات فریدی" حصہ سوم میں مرقوم ہیں۔

دعویٰ مسیحیت کی تصدیق

(ترجمہ):۔ اس کے بعد حضرت خواجہ صاحب نے مرزا صاحب کے بارہ میں فرمایا کہ مرزا صاحب نیک اور صادق مرد ہیں اور انہوں نے مجھے اپنے الہامات کی ایک کتاب (انجام آتھم) بھیجی ہے۔ اُن کا کمال اس کتاب سے ظاہر ہے۔ اسی اثنا میں علماء ظواہر میں سے کسی نے جو حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا حضرت اقدسؑ کے متعلق زبان طعن دراز کی اور آپ کا ردّ و انکار کیا۔ حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ نہیں نہیں! وہ مردِ صادق ہیں، مفتری اور کاذب نہیں۔ ان کا دعویٰ جعلی اور خود ساختہ نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ تم یہ کہہ سکتے ہو کہ ان سے بعض اپنے کشوف کے سمجھنے میں تھوڑی سی اجتہادی غلطی ہوئی ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ لوگوں نے تو انا الحق کہا ہے اور اگر وہ (یعنی مرزا صاحب) اپنے آپ کو مجدد اور عیسیٰ قرار دیں تو پھر بھی عبد ہی کہلاتے ہیں"۔

(صفحہ ۲۲۔ مطبوعہ آگرہ ۱۳۲۰ھ)

حضرت مسیح موعودؑ کے عدیم النظیر معارف قرآن اور سلاطین عالم کو دعوتِ اسلام

اس کے بعد فرمایا کہ مولوی حکیم نور الدین صاحبؓ جو آپ کے صادق الارادت اور راسخ العقیدہ مریدوں میں سے ہیں ایک دفعہ میرے پاس بہاولپور آئے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ مَیں مرزا صاحب کا جو مرید ہوا ہوں ان کی اور کرامات کو دیکھ کر نہیں ہوا بلکہ یہ تین امر دیکھ کر ہوا ہوں۔

☆......اول یہ کہ حضرت مرزا صاحب نے ظاہری علم صرف و نحو کا شرح ملاّ تک پڑھا ہے اور وہ بھی انگریزوں کی ملازمت کے وقت دوسرے علماء کی مانند بھلا دیا تھا اور اب ایسے تبحر اور یگانہ روزگار عالم ہیں کہ قصائد عربی اور فارسی اور اردو کمال فصاحت اور بلاغت کے ساتھ چالیس چالیس شعر یکدفعہ بلا تامل لکھے چلے جاتے ہیں اور قرآن شریف کے معانی کے رموز جو کچھ ہم لوگوں کو معلوم ہیں وہ عموماً صوفیاء کی کتابوں ہی سے ہیں۔ خصوصاً فصوص الحکم اور فتوحات مکیہ شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی سے۔ مگر قرآن شریف کے وہ اسرار اور معانی جو ہم نے حضرت مرزا صاحب سے سنے ہیں نہ پہلے کسی کتاب میں دیکھے ہیں اور نہ سوائے حضرت مرزا صاحب کے کسی اور شخص سے سنے ہیں۔

☆......دوم یہ کہ ہم نے حضرت مرزا صاحب کو رات دن اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف و مشغول دیکھا ہے۔

☆......سوم یہ کہ دین اسلام کی اشاعت میں ایسے کمر بستہ ہیں کہ بے خوف و ہراس تمام ملکوں اور شہروں کے ملوک و سلاطین کو دعوتِ اسلام دی ہے۔ جیسا کہ ملکہ زمان بادشاہ لنڈن کو صلیب کی شوکت اور کفارہ اور تثلیث کے عقیدہ کو توڑنے کی غرض سے دین اسلام کی دعوت دی ہے اور بادشاہ جرمن اور فرانس اور روس کو بھی دعوت دی ہے کہ اپنے جھوٹے عقیدوں کو چھوڑ کر اسلام قبول کریں اور روم کے بادشاہ اور امیر عبد الرحمٰن کابل کے بادشاہ وغیرہ سب کو دعوت دی ہے کہ حمایت اسلام کریں اور کبھی ان کے دل میں کوئی خوف و ہراس نے راہ نہیں پائی"۔

('اشارات فریدی' جلد سوم صفحہ ۴۲ تا ۴۴)

☆......☆......☆

حضرت مسیح موعودؑ کی عالمگیر دعوتِ اسلام

حدیث کدعہ اور چاند و سورج گرہن کے آفاقی نشان کے ظہور پر اظہار مسرت

مقبوس نمبر ۲۷۔ بوقت عشاء منگل کی رات ۲۹ر ماہِ شعبان ۱۳۱۴ھ حضرت خواجہ صاحبؒ کی پابوسی و زیارت کا شرف حاصل ہوا جس سے بہتر کوئی خوش نصیبی اور عبادت نہیں ہے۔ اس نشست میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی اور آپ کے منکرین کی مذمت اور ردّو قدح کا ذکر چلا۔ ایک دانشمند حاضر تھا۔ اس نے حضرت مرزا صاحب کی تعریف و ثنا بیان کی جس سے حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ بہت مسرور ہوئے۔ اس کے بعد فرمایا کہ حضرت مرزا صاحبؑ تمام اوقات خدائے عزّ و جل کی عبادت میں گزارتے ہیں یا نماز پڑھتے ہیں یا قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہیں یا دوسرے ایسے ہی دینی کاموں میں مشغول رہتے ہیں اور دینِ

اسلام کی حمایت پر اس طرح کمر ہمت باندھی ہے کہ ملکہ زماں لنڈن کو بھی دین محمدیؐ (اسلام) قبول کرنے کی دعوت دی ہے اور روس اور فرانس اور دیگر ملکوں کے بادشاہوں کو بھی

اسلام کا پیغام بھیجا ہے۔ اور ان کی تمام تر سعی و کوشش اس بات میں ہے کہ وہ لوگ عقیدہ تثلیث و صلیب کو جو کہ سراسر کفر ہے چھوڑ دیں اور اللہ تعالیٰ کی توحید اختیار کر لیں۔ اور اس وقت کے علماء کا حال دیکھو کہ دوسرے تمام جھوٹے مذاہب کو چھوڑ کر ایسے نیک مرد کے درپے ہوگئے ہیں جو کہ اہل سنت والجماعت میں سے ہے اور صراط مستقیم پر قائم ہے۔ اور ہدایت کا راستہ دکھاتا ہے۔ اور یہ اس پر کفر کا فتویٰ لگاتے ہیں۔ ان کے عربی کلام کو دیکھو جو انسانی طاقتوں سے بالا ہے اور ان کا تمام کلام معارف و حقائق اور ہدایت سے بھرا ہوا ہے۔ وہ اہل سنت والجماعت اور دین کی ضروریات سے ہرگز منکر نہیں ہیں۔ اس کے بعد حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا کہ مرزا صاحب نے اپنے مہدی ہونے پر بہت سی علامات کی ہیں ان میں سے دو علامات انہوں نے خود اپنی کتاب ضمیمہ انجام آتھم میں درج کی ہیں۔ وہ نہایت اعلیٰ اور بدرجہ غایت ان کے دعویٰ مہدویت پر گواہ ہیں۔ ایک یہ ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مہدی اس بستی میں ظاہر ہونگے جس کو کدعہ کہتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ان کی تصدیق کرے گا اور دُور دُور شہروں سے ان کے اصحاب جمع کرے گا جن کی تعداد اصحاب بدر کے برابر یعنی تین سو تیرہ ہوگی اور ان کے پاس کتاب ہوگی جس میں ان اصحاب کی تعداد اور ان کے نام اور ان کے شہروں کے نام اور ان کے اوصاف اس چھپی ہوئی کتاب میں درج ہونگے۔ یعنی نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ

مہدی ایک ایسے گاؤں سے ظاہر ہوگا کہ لوگ اس کو کدعہ کہتے ہونگے اور کدعہ اصل میں قادیان کا معرب ہے۔

دوسری علامت یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث دار قطنی میں حضرت امام محمد باقرؒ سے مروی ہے کہ یقیناً ہمارے مہدی کے لئے دو نشان ہیں جب سے زمین و آسمان پیدا ہوئے کسی مدعی کے لئے یہ دو نشان ظاہر نہیں ہوئے۔ یعنی رمضان شریف میں چاند کو اس کی پہلی رات گرہن لگے گا اور سورج کو اس کی درمیانی رات گرہن لگے گا۔ چونکہ ماہ اپریل ۱۸۹۴ء کو چھٹی تاریخ کو خسوف قمر اور کسوف شمس واقع ہو گیا ہے۔ پس حضرت مرزا صاحب نے اپنی طرف سے اتمام حجت کے لئے تمام دنیا کے اطراف واکناف میں ان معنوں کا اشتہار شائع کیا ہے کہ یہ پیشگوئی جو آنحضرت ﷺ نے مہدیٔ موعود کے ظاہر ہونے کے متعلق بیان فرمائی تھی اب پوری ہو گئی ہے۔

ہر ایک پر واجب ہے کہ میرے مہدی ہونے کو تسلیم کریں اور اقرار کریں۔ مگر اس زمانے کے مولویوں نے یہ طفلانہ سوال کیا ہے کہ حدیث شریف سے یہ معنی ظاہر ہوتے ہیں کہ رمضان شریف کی پہلی رات کو چاند گرہن ہوگا اور اسی ماہ رمضان میں سورج کو بھی گرہن ہوگا۔ اور یہ چاند گرہن رمضان کی تیرھویں تاریخ کو واقع ہوا ہے۔ اور سورج گرہن رمضان کی اٹھائیسویں تاریخ کو واقع ہوا ہے اور یہ بات حدیث شریف کے فرمان کے خلاف ہے۔ وہ کسوف خسوف کوئی اور ہوگا جو کہ مہدیٔ برحق کے زمانہ میں واقع ہوگا۔

اس کے بعد حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے فرمایا سبحان اللہ! سنئے! حضرت مرزا صاحب نے مذکورہ حدیث کے کیا معنی کئے ہیں اور منکر مولویوں کو کیا جواب دیا ہے؟ حضرت مرزا صاحب نے فرمایا کہ حدیث شریف کے معنے یہ ہیں کہ ہمارے مہدی کی تائید اور تصدیق کے لئے دو نشان مقرر ہیں اس وقت سے کہ جب سے آسمان وزمین پیدا ہوئے۔ یہ دونوں نشان کسی مدعی کے وقت میں ظاہر نہیں ہوئے اور وہ دو نشان یہ ہیں کہ مہدیٔ موعود کے دعویٰ کے وقت چاند گرہن پہلی رات کو ہوگا اور وہ چاند گرہن کی تین راتوں میں سے پہلی رات یعنی تیرھویں رات ہے اور سورج گرہن کے دنوں میں سے درمیانہ دن یعنی ماہ رمضان کی اٹھائیسویں تاریخ ہے۔

اس کے بعد حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا کہ بے شک حدیث شریف کے معنے اسی طرح سے ہیں جس طرح حضرت مرزا صاحب نے بیان فرمائے کیونکہ چاند گرہن ہمیشہ مہینہ کی ۱۳ر یا ۱۴ر یا ۱۵ر تاریخ کو ہی واقع ہوتا ہے۔ اور سورج گرہن ہمیشہ مہینہ کی ۲۷ر، یا ۲۸ر یا ۲۹ر تاریخ کو ہی وقوع پذیر ہوتا ہے۔

پس چاند گرہن جو بتاریخ ۶ر ماہ اپریل ۱۸۹۴ء کو واقع ہوا ہے وہ ماہ رمضان المبارک کی

باقی صفحہ نمبر ۱۰ پر ملاحظہ فرمائیں

THOMPSON & CO SOLICITORS

Consult us for your legal requirements such as Immigration & Nationality, Conveyancing & Employment, Welfare Benefits, Personal Injury, Family & Ancillary Proceedings,, Wills & Probate, Criminal Litigation .

Contact:

Anas A.Khan, John Thompson

Solicitors

1st floor 48 Tooting High Street

London SW17 0RG

Tel: 020 8333 0921+020 8767 5005

Fax: 020 8871 9398

Mobile: 0780-3298065

خطبہ جمعہ

ہر آنے والا سال برکتوں کے ساتھ ہمارا خیر مقدم کرے گا، ہر جانے والا سال برکتیں چھوڑ کر ہمارے لئے جائے گا

دشمن تکلیفیں پہنچاتا ہے پہنچاتا رہے، فضلوں کی راہ نہیں روک سکتا، نہیں روک سکتا، نہیں روک سکے گا۔

خطبہ جمعہ ارشاد فرمودہ سیدنا امیر المومنین حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز - فرمودہ ۱۱ر مارچ ۱۹۹۴ء بمطابق ۱۱ر امان ۱۳۷۳ء ہجری شمسی بمقام مسجد فضل لندن (برطانیہ)

(خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمداً عبده و رسوله–

أما بعد فأعوذ بالله من الشيطان الرجيم– بسم الله الرحمٰن الرحيم –

الحمدلله رب العٰلمين – الرحمٰن الرحيم – مٰلك يوم الدين – إياك نعبد و إياك نستعين –

اهدنا الصراط المستقيم – صراط الذين أنعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين–

﴿يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ. هُوَالَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ . وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ. وَّآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ. وَهُوَالْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ. ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ. وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ﴾ (سورة الجمعة آيات ١ تا ٥)

رمضان مبارک میں ایک لمبے انتظار کے بعد بالآخر وہ جمعہ جسے جمعۃ الوداع کہا جاتا ہے آ ہی جاتا ہے۔ لمبا انتظار اس لحاظ سے کہ وہ لوگ جنہیں نمازوں کی عادت نہ ہو، جنہیں جمعہ پہ جانے کی عادت نہ ہو، جنہیں روزے رکھنے کی عادت نہ ہو، ان کے لئے تو سال بھر میں یہ ایک ہی جمعہ ہے جو ان کے لئے سب قسم کی خوشیوں اور برکتوں کا پیغام لے کر آتا ہے۔ پس سارا سال اس جمعہ کا انتظار کرتے ہیں اور پھر رمضان مبارک میں اس جمعہ کا انتظار کرتے ہیں اور اس کا نام جمعۃ الوداع رکھا ہوا ہے۔ یعنی رخصت ہونے والا جمعہ یا رخصت کرنے والا جمعہ۔ اس طرح بالآخر وہ جمعہ آیا کہ رمضان رخصت ہوا اور رمضان کے نتیجے میں جو پابندیاں عائد ہوئی ہیں ان پابندیوں سے گویا چھٹکارا نصیب ہوا۔ ایک یہ وہ تصور ہے جو عامی تصور ہے اور ایک وہ تصور ہے جو حضرت اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے ہمارے سامنے پیش فرمایا کہ رمضان مبارک میں ہتھکڑیاں تو لگتی ہیں مگر شیطان کو۔ پابندیاں تو عائد ہوتی ہیں مگر شیطان پر اور مومن کے لئے تو یہ جنتوں کی خوشخبریاں لے کر آتا ہے۔ یہ دو متقابل، متصادم تصورات ہیں جو جب سے اسلام آیا ہے اسی طرح، اگر آغاز سے نہیں تو کچھ عرصے کے بعد مسلسل رائج چلے آرہے ہیں۔

جمعۃ الوداع کے متعلق جو یہ تقدس کا تصور ہے یہ مَیں نہیں جانتا کب سے شروع ہوا۔ لیکن جمعۃ الوداع کے تقدس کا جو تصور ہندوستان اور پاکستان اور دنیا کے دوسرے علاقوں کے مسلمانوں میں پایا جاتا ہے اس کی تاریخ بہت گہری دکھائی دیتی ہے۔ ایک لمبے عرصے سے روایتاً اس تقدس کے قصے چل رہے ہیں۔ اس خیال سے مَیں نے سوچا کہ اس دفعہ جب رمضان المبارک کے جمعۃ الوداع پر آپ سے بات کروں تو احادیث میں سے اس جمعہ کی برکتوں کا ذکر نکال کر خاص تحفہ آپ کے سامنے پیش کروں۔ لیکن بہت علماء بٹھائے، بہت کتابیں حدیثوں کی دیکھیں، اشارۃً بھی کہیں جمعۃ الوداع کا ذکر نہیں ملتا۔ جمعہ کی برکتوں کے متعلق مضامین احادیث میں بکثرت ملتے ہیں لیکن ہر جمعے کی برکت سے متعلق وہ مضامین ملتے ہیں۔ مگر یہ تصور کہ گویا مسلمان ایک آخری جمعہ کا انتظار کر رہے ہیں اور اس جمعہ میں برکتیں ڈھونڈنے کے لئے بے چین اور بے قرار ہوں یہ تصور احادیث نبوی میں، سنت میں، کہیں اشارۃً بھی مذکور نہیں۔

ہاں آخری عشرہ کی برکتوں کا ذکر بہت کثرت سے ملتا ہے اور جمعہ کی برکتوں کا سارے سال میں جہاں بھی، جب بھی جمعہ آئے اس کی برکتوں کا ذکر ملتا ہے۔ پس یہ بات مَیں آپ کے ذہن نشین کرانا چاہتا ہوں کہ وہ مسلمان بھائی خواہ وہ جماعت سے تعلق رکھتے ہیں یا نہیں رکھتے، جن کو بدنصیبی سے نماز پڑھنے کی عادت نہیں، جو سال میں ایک ہی مقدس دن کی تلاش میں تھے اور آج اس دن کی خاطر غیر معمولی طور پر مساجد میں اکٹھے ہو گئے ہیں ان تک یہ میری آواز پہنچے گی۔ اور آج پہنچے گی پھر شاید نہ پہنچے کیونکہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ دوبارہ ان کو پھر مسجدوں میں آنے کی توفیق ملتی ہے کہ نہیں۔ لیکن اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مَیں ان کو بتاتا ہوں کہ جمعۃ الوداع کا کوئی خاص تقدس نہ قرآن میں مذکور ہے نہ احادیث میں مذکور ہے۔ نہ سنت سے ثابت ہے، نہ صحابہ کرامؓ کے عمل سے بعد میں ثابت ہے۔ پس جس دن کا آپ نے انتظام کیا تھا وہ تو اس پہلو سے خالی نکلا۔ لیکن جمعۃ المبارک کے تقدس کا بہت ذکر ملتا ہے۔ قرآن میں بھی ملتا ہے، احادیث میں بھی ملتا ہے اور یہ ہر جمعہ ہے جو ہر ہفتے آپ کے سامنے آتا ہے۔ اس کے علاوہ نمازوں کے تقدس کے ذکر سے تو قرآن بھرا پڑا ہے۔ جمعۃ الوداع تو سال میں ایک دفعہ آتا ہے۔ جمعۃ المبارک ہر ہفتے آتا ہے اور نماز دن میں پانچ مرتبہ آتی ہے۔ اور اس پانچ مرتبہ آنے والی چیز کا اس کثرت سے قرآن میں ذکر ہے کہ کسی اور عبادت کا اس طرح ذکر نہیں ہے۔ تو برکتوں سے بھرا ہوا نیک اعمال کا خزانہ ہے اس سے تو منہ موڑ لیتے ہو اور سارا سال ایک جمعے کا انتظار کرتے ہو۔ جیسا کہ مَیں نے بتایا ہے اس جمعے کی کوئی اہمیت کہیں مذکور نہیں تو کم سے کم اس جمعہ سے یہ برکت تو حاصل کر جاؤ۔ یہ جان لو کہ عبادت ہی میں برکت ہے، عبادت ہی میں خدا تعالیٰ کے فضل ہیں، عبادت ہی سے اس کی رضا وابستہ ہے، عبادت ہی سے دنیا کی خیر اور آخرت کی خیر وابستہ ہے۔ اور مومن کے لئے عبادت ہر روز پانچ مرتبہ فرض کی گئی ہے۔ روزمرہ کی زندگی میں جب آپ مساجد کے پاس سے گزرتے ہیں تو اکثر آپ دیکھتے ہیں کہ مساجد بہت بڑی ہیں اور یوں لگتا ہے جیسے بے وجہ اتنی بڑی مساجد بنادی گئی ہیں۔ لیکن آج وہ دن ہے جب آپ کسی مسجد کے پاس سے گزر کے دیکھیں تو آپ حیران ہونگے کہ مسجدوں سے نمازی چھلک چھلک کر باہر آگئے ہیں۔ گلیاں بھر گئی ہیں۔ بعض بازار بند کرنے پڑے ہیں۔ لاہور ہو یا کراچی ہو یا دنیا کے اور بڑے بڑے شہر، وہاں مساجد کے باہر جو بازار یا ملحقہ گلیاں ہیں وہاں بعض دفعہ دیکھیں گے کہ سائبان لگائے گئے ہیں اور جگہ جگہ بلاک کر کے سڑکوں کو بند کیا گیا ہے کہ آج یہاں نمازی نماز پڑھ رہے ہیں۔ یہ وہ نمازی ہیں جن کے متعلق خدا تعالیٰ کو توقع ہے کہ ہر روز پانچ وقت جہاں مسجد میسر آئے وہاں جا کر نماز پڑھیں گے۔ اب اس سے آپ اندازہ کریں کہ ایک وہ تصور ہے جو قرآن اور سنت کا ہے عبادتوں کے متعلق، رحمتوں اور برکتوں کے متعلق، رضوان اللہ کے متعلق اور ایک وہ ہے جو عام دنیا میں رائج ہے اور مسلمان سمجھتے ہیں کہ یہی ایک گُر ہے نجات پانے کا۔ ان دونوں میں کتنا فرق ہے۔

حقیقی نجات خدا کی اطاعت میں ہے اور خدا کی اطاعت عبادت کے بغیر نصیب نہیں ہو سکتی۔ عبادت پہلا دروازہ ہے جو اطاعت کے لئے قائم فرمایا گیا ہے۔ اس دروازے سے داخل ہوگے تو پھر ساری اطاعتوں کی توفیق میسر آسکتی ہے۔ جس نے یہ دروازہ اپنے اوپر بند کر لیا اس کے لئے کوئی اطاعت نہیں ہے۔ نماز کی اہمیت کے اوپر حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے اتنا زور دیا ہے اور پھر نماز باجماعت کی اہمیت پر کہ ایک موقعہ پر صبح کی نماز کے بعد آنحضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا کہ دیکھو اس وقت بھی (صبح کی نماز کے وقت) کچھ لوگ ہیں جو گھروں میں سوئے پڑے ہیں اور اگر خدا کی طرف سے مجھے اجازت ہوتی تو مَیں یہ باقی جو نمازی تھے ان کے سروں پر لکڑیوں کے گٹھے اٹھواتا اور ان کو ان کے گھروں میں جلا دیتا مگر مجھے اس کی اجازت نہیں ہے۔ مَیں داروغہ نہیں بنایا گیا۔

اب حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے بڑھ کر شفیق دل آپ کو دنیا میں ڈھونڈے سے کہاں ملے گا، تصور میں نہیں آسکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ یہ فرما کر فرمایا ﴿بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾ جب بھی خدا کے بندوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے۔ یعنی اے لوگو! خدا کے بندو! ﴿عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ اس پر تمہاری تکلیف بہت شاق گزرتی ہے۔ یہ

خطاب کا پہلا حصہ عام ہے۔ پھر فرمایا جہاں تک مومنوں کا تعلق ہے ﴿بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ﴾ وہ تو جیسے اللہ اپنے بندوں پر رؤف اور رحیم ہے، جیسے اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے اور بار بار رحم لے کر آتا ہے اس طرح مومنوں پر تو یہ رسول رؤف بھی ہے اور رحیم بھی ہے۔ اس رسول کے منہ سے یہ کلمہ نکلا ہے کہ اگر مجھے یہ اجازت ہوتی تو میں لکڑیوں کے گٹھے اٹھوا کر ان نمازیوں کو ساتھ لے کر چلتا اور جو بے نماز ہیں ان کو ان کے گھروں میں جلا دیتا۔

دراصل اس میں ایک پیغام ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ لوگ جو عبادت نہیں کرتے وہ آگ کا ایندھن ہیں اور بہتر ہے کہ اس دنیا میں جل جائیں بہ نسبت اس کے کہ مرنے کے بعد کی آگ میں ڈالے جائیں۔ یہ حقیقی پیغام ہے اور عبادت ہی ہے جس کے ساتھ ساری نجات وابستہ ہے۔ پس وہ لوگ جو آج اس جمعے کی برکت ڈھونڈنے کے لئے جوق در جوق مساجد کی طرف آئے ہیں ان کو اندر جگہ نہیں ملی تو باہر گلیوں میں بیٹھے ہوئے ہیں ان سب تک، جن تک بھی یہ آواز پہنچے، میں یہ پیغام پہنچاتا ہوں کہ ہماری عبادت روزمرہ کی پانچ وقت کی عبادت ہے اور ہر دفعہ جب اذان کی آواز بلند ہوتی ہے تو مومن کا فرض ہے کہ اپنے گھروں کو چھوڑے اور اس مسجد کی طرف چل پڑے جہاں سے عبادت کے لئے بلایا جا رہا ہے۔ "حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ" "حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ"۔ پانچ مرتبہ یہ آوازیں سنتے ہو کہ دیکھو نماز کی طرف چلے آؤ۔ نماز کی طرف چلے آؤ۔ کامیابیوں کی طرف چلے آؤ، کامیابیوں کی طرف چلے آؤ۔ اور پھر بھی جواب نہیں دیتے۔ پس وہ لوگ جن کو مساجد تک پہنچنے کی توفیق ہے اور توفیق کا معاملہ بندے اور خدا کے درمیان ہے۔ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ فلاں کو توفیق ہے یا نہیں ہے۔ بعض دفعہ ایک بیماری دوسرے کو دکھائی دے نہیں سکتی۔ ایک آدمی کہتا ہے کہ میں بیمار ہوں۔ وہیں انسان کا قدم رک جانا چاہئے کہ ٹھیک ہے اگر تم بیمار ہو تو تمہارا معاملہ تمہارے خدا کے ساتھ اور ہمارا معاملہ ہمارے خدا کے ساتھ۔ لیکن ہر شخص خود جانتا ہے کہ اسے توفیق ہے کہ نہیں۔ پس جسے بھی توفیق ہے اس کا فرض ہے کہ پانچ وقت مساجد میں جا کر عبادت بجالائے اور اگر پانچ وقت مساجد میں نہیں جا سکتا تو جہاں اس کو توفیق ہے وہیں مسجد بنا لے۔ جہاں اس کے لئے ممکن ہو باجماعت نماز پڑھے یا پڑھائے اور اپنے ساتھ عزیزوں کو یا دوسروں کو اکٹھا کر لے تاکہ اس کی نمازیں باجماعت ہو جائیں۔ جو شخص اس بات کا عادی ہو جائے گا جس کے دل میں ہر وقت یہ طلب اور بیقراری ہو کہ میری ہر نماز باجماعت ہو جائے، اس کے لئے یہ خوشخبری ہے کہ وہ نمازیں جو باجماعت ممکن نہیں ہوں گی ان کے متعلق حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا فرمان ہے کہ اگر وہ اذان دے کر باجماعت نماز کی نیت سے کھڑا ہو جائے گا تو کوئی اور اس کے ساتھ شامل ہونے والا نہ بھی ہوگا تو اللہ آسمان سے فرشتے اتارے گا، وہ اس کے پیچھے نماز ادا کریں گے اور اس کی نماز، نماز باجماعت ہی رہے گی۔ تو یہ وہ برکت ہے جو ہر روز پانچ دفعہ آپ کے سامنے آتی ہے اس سے منہ موڑ لیتے ہیں اور سال میں ایک دفعہ جو جمعہ آرہا ہے اس کی طرف توجہ ہے کہ وہی دن ہمارے بخشوانے کا دن ہے۔ اور کیا پتہ کوئی کس دن مرتا ہے یہ بھی تو سوچو! کیا ضرور جمعے کے معاً بعد، بخشوانے کے بعد ہی تم نے مرنا ہے۔ حالانکہ جمعۃ الوداع کے ساتھ کسی بخشش کا ذکر مجھے تو نہیں ملا۔ لیکن اگر ہو بھی تو سال میں جو باقی تین سو نسٹھ دن پڑے ہیں ان دنوں میں عزرائیل بے کار کب بیٹھتا ہے۔ کیا مقدر اور لازم ہے کہ تم جمعے کے دن بخششیں کروانے کے بعد مروگے!! پس موت تو ہر وقت آسکتی ہے۔ اس کا کوئی وقت مقرر نہیں۔ کوئی دن مقرر نہیں۔ تو روزمرہ کی پانچ وقت کی نمازیں اس لئے آتی ہیں کہ تم بخشی ہوئی حالت میں، دُھلی ہوئی، پاک حالت میں یہاں سے روانہ ہو۔

پس اس پہلو سے جماعت کو میں نماز باجماعت کی طرف متوجہ کرتا ہوں اور وہ دوسرے مسلمان بھائی بھی جو رفتہ رفتہ ہمارے جمعہ میں ٹیلی ویژن کے ذریعے شامل ہو رہے ہیں اور یہ رجحان دن بدن بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ ان کو بھی میں یہ نصیحت کرتا ہوں کہ آپ خود بھی اس طرف توجہ فرمائیں اور اپنے بھائی بندوں کو دوسروں کو بھی یہ پیغام پہنچا دیں کہ روزمرہ کی پانچ وقت کی نمازوں کا قیام کرنا یہ قرآن کریم کے پیغامات کی جان ہے اور اگر مسلمان اس بات پر قائم ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ تمام دنیا میں مسلمانوں کی اصلاح کا ایک ایسا نظام جاری ہو جائے گا جس سے خدا کے فضل سے اسلام کو وہ پرانی کھوئی ہوئی ظاہری عظمت اور شوکت بھی مل جائے گی کیونکہ ظاہری عظمت اور شوکت کا اصل تعلق اندرونی روحانی عظمت اور شوکت سے ہے۔ اگر اندرونی روحانی عظمت اور شوکت بحال ہو جائے تو ظاہری عظمت نے پیچھے آنا ہی آنا ہے۔ اگر اندرونی روحانی عظمت اور شوکت بحال نہ ہو تو ظاہری شوکت کے پیچھے آپ جتنا چاہیں چکر لگائیں کچھ حاصل بھی کرلیں گے تو بے معنی ہوگی، بے روح کے جسم ہوگا۔ خدا کے نزدیک اس کی کوئی حقیقت نہیں ہوگی۔ پس اپنے اندرونوں کو سنواریں اور اندرونی عظمت کے پیچھے دوڑیں۔ اللہ تعالیٰ وہ عظمت عطا فرمائے جس کے متعلق خدا تعالیٰ خود فرماتا ہے ﴿اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ﴾ تم میں سے سب سے معزز انسان وہ ہے، سب سے عظیم شخص وہ ہے اور اللہ کی نظر میں ہے جو زیادہ متقی ہو۔ پس تقویٰ کے تقاضے تو عبادت کے بغیر پورے نہیں ہو سکتے۔ میں امید رکھتا ہوں کہ انشاء اللہ اس طرف توجہ فرمائیں گے۔

حقیقی نجات خدا کی اطاعت میں ہے اور خدا کی اطاعت عبادت کے بغیر نصیب نہیں ہو سکتی۔

جمعہ کے دن جو برکتوں کا ذکر ملتا ہے وہ میں آپ کے سامنے ایک حدیث سے اس کی مثال رکھتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا۔ یہ روایت ہے ابو لبابہ بن عبدالمنذر کی، سنن ابن ماجہ باب فی فضل الجمعہ سے لی گئی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا کہ "جمعہ تمام دنوں کا سردار ہے اور اللہ کے پاس اس کی بڑی عظمت ہے اور وہ اللہ کے نزدیک یوم الاضحیٰ اور یوم الفطر سے بھی زیادہ عظمت والا ہے"۔

اب یہ وہی بات ہے کہ جمعۃ الوداع کے علاوہ عیدین کی بڑی عظمت ہے مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ عیدین سے زیادہ ہر جمعہ کی عظمت خدا تعالیٰ کے نزدیک ہے۔ اور اس میں پانچ خوبیاں ہیں۔ اول اللہ تعالیٰ نے آدم کو اس میں پیدا کیا (یعنی آدم کو جمعہ کے دن مبعوث فرمایا گیا) اور اسی دن اللہ تعالیٰ نے آدم کو زمین کی طرف بھیجا۔ پہلی بات کا تعلق بعثت سے نہیں۔ اس آدم کی پیدائش سے ہے جس نے مبعوث ہونا تھا تو فرمایا وہ آدم پیدا بھی جمعہ کے دن ہوا اور اس کی بعثت بھی اسی دن ہوئی اور روحانی منصب پر جمعہ ہی کے دن فائز فرمایا گیا اور اسی دن اللہ نے آدم کو وفات دی۔ جیسا کہ مسیح کے متعلق آتا ہے کہ ﴿سَلٰمٌ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا﴾ وہی حال آدم کا تھا۔ اور قرآن کریم میں مسیح کو آدم سے مشابہت دی گئی ہے۔ اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس مشابہت کا اطلاق ان سب باتوں پر بھی ہو رہا ہے۔ پہلا آدم جس کو مسیح سے مشابہت دی گئی ہے اس کی پیدائش کا دن بھی مبارک تھا، اس کی موت کا دن بھی مبارک تھا اور وہ بھی برکتوں کے ساتھ دوبارہ اٹھایا جائے گا۔ کیونکہ یہاں بعد میں اٹھانے کا ذکر تو نہیں لیکن جس دن مبعوث کیا گیا اس کا ذکر ہے اور جو شخص دنیا میں مبعوث کیا جاتا ہے آخر میں بھی وہ اسی طرح برکتوں کے ساتھ مبعوث فرمایا جائے گا۔

روزمرہ کی پانچ وقت کی نمازوں کا قیام کرنا یہ قرآن کریم کے پیغامات کی جان ہے اور اگر مسلمان اس بات پر قائم ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ تمام دنیا میں مسلمانوں کی اصلاح کا ایک ایسا نظام جاری ہو جائے گا جس سے خدا کے فضل سے اسلام کو وہ پرانی کھوئی ہوئی ظاہری عظمت اور شوکت بھی مل جائے گی کیونکہ ظاہری عظمت اور شوکت کا اصل تعلق اندرونی روحانی عظمت اور شوکت سے ہے۔

چوتھی بات یہ بیان فرمائی گئی ہے، اسی دن وہ ساعت ہے کہ بندہ اللہ سے سوال نہیں کرتا مگر اللہ اسے وہ سب کچھ عطا کرتا ہے جب تک کہ وہ کسی حرام کے متعلق نہیں مانگتا۔ جمعے کے دن ایک ایسی گھڑی آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ فیض عام کی گھڑی ہے۔ اس گھڑی میں خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی انکار نہیں ہوتا مگر حرام مطالبے کا، حرام دعا کا۔ پس اگر تمہاری دعائیں نیک ہیں تو جمعے کے دن خصوصیت سے ہر وقت کوشش رہتی ہے کہ ان موانع کو جو جمعہ کے رستے میں حائل ہیں یعنی ان روکوں کو جن کی وجہ سے وہ جمعہ نہیں پڑھ سکتے کس طرح دور کریں۔

یہ بات میں نے خصوصیت سے اہل مغرب کے لئے کہی ہے جہاں جمعہ کا دن روزمرہ کے کام کا دن ہے۔ اور پہلے بھی میں نے جماعت کو نصیحت کی تھی کہ کم سے کم اتنی کوشش تو ضرور کریں کہ تین جمعے اکٹھے ناغہ نہ کریں۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے تین جمعہ اکٹھا ناغہ کرنے والوں کے لئے بہت انذار فرمایا ہے اور سخت لفظ آئے ہیں۔ اس لئے اگر اپنے ایمان کی حفاظت چاہتے ہو تو اول تو ہر جمعہ پڑھنا ضروری ہے لیکن اگر نہیں پڑھ سکتے تو ایک جمعہ تو ہر صورت میں پڑھو خواہ چھٹی لینی پڑے۔ لیکن جب یہ میں نے تحریک کی تھی اس کے بعد سے مجھے جو اطلاعیں ملی ہیں بہت بڑی تعداد جماعت کی ایسی ہے جنہوں نے اُس وقت لبیک کہا تھا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے رستے آسان فرما دئے۔ بہت سے طلبہ تھے اور طالبات بھی تھیں جنہوں نے اپنے اساتذہ کے سامنے جا کر یہ

Earlsfield Properties
We will manage your property at 0% commission
Guaranteed rate schemes for 3 & 5 years
Free management Service
Guaranteed vacant possession
175 Merton Road London SW18 5EF
Tel: 020-8265-6000 or 020 8877 - 0762 Fax: 020 8874 9754

بات پیش کی اور اساتذہ نے ان کی بات مان لی اور جن کی بات نہیں مانی گئی ان کے ماں باپ نے کہا کہ ہم تین میں سے ایک جمعہ تو بہر حال ضرور اس کو گھر میں لے کے آئیں گے، تم جو چاہو کرو۔ اور ایسے ہی کرتے رہے۔ بعض ایسے بھی مخلصین تھے جنہوں نے اپنے ان دفتروں سے استعفے دے دئے، ان ملازمتوں سے استعفے دے دئے جن میں ان کو جمعہ کی اجازت نہ تھی۔ اور بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے ان سے بہتر رزق کے سامان مہیا فرمادئے۔ تو یہ ایک بہت ہی اہم برکت ہے جو ہر جمعہ سے وابستہ ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فرماتے ہیں ان میں سے ایک برکت یہ ہے کہ اس دن ایک ایسی گھڑی آتی ہے کہ خدا کی طرف سے انکار نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ حرام کام کا خدا سے مطالبہ کیا جائے اور یہ عرض کیا جائے کہ یہ حرام کام کرنے دیا جائے۔ اور اسی دن شفاعت قائم ہوگی۔ یہ بہت ہی اہم مضمون ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْن بنایا ہے یعنی وہ گنہگار جن کی کمزوریاں رہ گئی ہیں وہ کوشش تو کرتے رہے کہ کسی طرح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی سنت پر چلیں۔ مگر بعض ایسے موانع تھے، بعض ایسی مجبوریاں تھیں جن کی وجہ سے ان کا عمل نامہ ایسے مقام سے نیچے رہ گیا جہاں جاکر نجات ملتی ہے۔ یعنی دوسرے لفظوں میں ان کی برائیاں، کچھ ان کی خوبیوں پر غالب رہیں۔ ایسے لوگ بھی ہیں۔ ایسے لوگوں کی شفاعت کے لئے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو ایک خاص مرتبہ اور مقام بخشا گیا ہے۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ اسی دن شفاعت قائم ہوگی۔ کوئی مقرب فرشتہ نہیں اور نہ ہی آسمان اور نہ زمین اور نہ ہوائیں اور نہ پہاڑ اور نہ سمندر مگر یہ سب جمعہ کے دن سے ڈرتے ہیں۔ یہ ساری خوبیاں جمعے کے تعلق میں آنحضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے بیان فرمائیں۔

شفاعت جمعے کے دن ہی بانٹی جائے گی۔ جو جمعہ سے غیر حاضر ہیں ان بے چاروں کو تو پتہ ہی نہیں کہ شفاعت ہوتی کیا ہے۔ پس وہ لوگ جو شفاعت کی تمنا رکھتے ہیں ان کے لئے اور بھی زیادہ ضروری ہے کہ وہ جمعہ سے خاص تعلق قائم کریں۔

پس شفاعت کے لئے بھی ضروری ہے کہ جمعے سے تعلق جوڑو کیونکہ شفاعت کا مطلب ہے ایک چیز کو جو بیچ میں ٹوٹ گئی ہو دوسری کے ساتھ جوڑ دیا جائے۔ ایک شخص نجات تک پہنچتے پہنچتے رہ گیا ہے اور کچھ فاصلہ بیچ میں ہے تو رحم کرتے ہوئے شفقت فرماتے ہوئے وہاں سے اس رسی کو پکڑا جائے اور شفاعت سے جوڑ دیا جائے یعنی اس مقام سے جوڑ دیا جائے جہاں جا کے اس نے نجات پا لینی تھی یعنی "دو چار ہاتھ جبکہ لب بام رہ گیا" ہو اور انسان کی طاقت ختم ہو جائے وہاں تک نہ پہنچ سکے تو اوپر سے ایک ہاتھ آئے اور اسے اٹھا کر بام تک پہنچا دے یعنی چھت تک پہنچا دے۔ یہ شفاعت ہے۔ تو جمعے کے دن جو آئے گا اسی کو شفاعت ملے گی۔ کیونکہ شفاعت جمعے کے دن ہی بانٹی جائے گی۔ جو جمعہ سے غیر حاضر ہیں ان بے چاروں کو تو پتہ ہی نہیں کہ شفاعت ہوتی کیا ہے۔ پس وہ لوگ جو شفاعت کی تمنا رکھتے ہیں ان کے لئے اور بھی زیادہ ضروری ہے کہ وہ جمعہ سے خاص تعلق قائم کریں۔

اور پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ یہ وہ دن ہے کہ سب خدا کے مقرب اس دن سے ڈرتے ہیں اور فرشتے بھی اور ہوائیں اور پہاڑ اور سمندر بھی۔ یہ کیا وجہ ہے؟ اس دن میں وہ کون سی ہیبت پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے لوگ اس دن کا خوف کھاتے ہیں؟ یہاں دراصل خوف کھانا احترام کے معنوں میں ہے۔ اس دن کا مرتبہ اتنا ہے کہ اس دن کی بے حرمتی سے ڈرتے ہیں۔ یہ مراد ہے۔ ورنہ تو اس کے کوئی معنے نہیں بنیں گے۔ ایک طرف برکتیں بیان کی جارہی ہوں اور کشش پیدا کی جارہی ہو، لوگوں کو بلایا جارہا ہو، آؤ اس دن سے برکتیں پاؤ اور دوسری طرف یہ اعلان ہو رہا ہو کہ بہت خطرناک دن ہے۔ خبردار! بڑے بڑے مقرب فرشتے بھی اس دن سے ڈر جاتے ہیں۔ پہاڑ بھی ڈرتے ہیں اور سمندر بھی ڈرتے ہیں اور زمین کی سطح بھی ڈرتی ہے۔ تو یہ اعلان سوائے اس کے اور کوئی معنے نہیں رکھتا کہ اس دن کی حرمت سے ڈرتے ہیں۔ یہ دن جو محرم بنایا گیا ہے اس کی عزت اور اس کے احترام کے قیام میں جو کوتاہی ہو سکتی ہے اس سے ڈرتے ہیں۔ وہ ڈرتے ہیں کہ یہ نہ ہو کہ اس دن کے ہم تقاضے پورے نہ کر سکیں۔ پس یہ مراد ہے کہ اگر مقربین کو بھی خوف ہے کہ اس دن کے تقاضے پورے کرنے میں اللہ بہتر جانتا ہے کہ ان کو توفیق ملتی ہے کہ نہیں تو عامۃ المسلمین، عام انسان کو تو اور بھی زیادہ ڈرنا چاہئے کیونکہ اس سے تو اس دن کے تقاضے پورے کرنا بظاہر ممکن دکھائی نہیں دیتا۔ اس کی طاقت سے بڑھی ہوئی بات دکھائی دیتی ہے۔ پس یہ بھی اللہ ہی کے فضل کے ساتھ عطا ہوتا ہے۔ اگر آپ دعائیں کرتے رہیں اور اس مضمون کو سمجھ کر جمعہ کی عظمت اور احترام کو قائم کرنے کی کوشش کریں تو پھر اللہ مدد فرمائے گا۔ ہر توفیق اسی سے ملتی ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سوال ہوا تھا کہ جمعہ کے دن یا جمعۃ الوداع کے دن لوگ تمام گزشتہ نمازیں جو ادا نہیں کیں پڑھتے ہیں کہ ان کی تلافی ہو جائے، اس کا کوئی جواز ہے کہ نہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ: "ایک فضول امر ہے مگر ایک دفعہ ایک شخص بے وقت نماز پڑھ رہا تھا۔ کسی شخص نے حضرت علیؓ کو کہا کہ آپ خلیفہ وقت ہیں اسے منع کیوں نہیں کرتے۔ فرمایا کہ مَیں ڈرتا ہوں کہ کہیں اس آیت کے نیچے ملزم نہ بنایا جاؤں ﴿اَرَأَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰی عَبْدًا اِذَا صَلّٰی﴾ کہ کیا تُو نے اس شخص کا حال نہیں دیکھا ﴿یَنْهٰی عَبْدًا اِذَا صَلّٰی﴾ خدا کے بندوں کو روکتا ہے جب وہ نماز پڑھتا ہے۔ تو ان نمازوں کی تائید میں کچھ نہیں فرمایا۔ یہ نہیں فرمایا کہ کرنے دو ٹھیک ہے عمر بھر کی چھٹی ہوئی نمازیں پڑھ لے گا تو ٹھیک ہے، فرمایا نہیں ہوگا ٹھیک مگر مجھ میں یہ جرأت نہیں کہ کوئی نماز پڑھ رہا ہوں اور اس سے روک دوں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

"ہاں اگر کسی شخص نے عمداً نماز اس لئے ترک کی ہے کہ قضائے عمری کے دن پڑھ لوں گا تو اس نے ناجائز کیا ہے اور اگر ندامت کے طور پر تدارک مافات کرتا ہے تو پڑھنے دو"۔ اگر شرمندہ ہوا ہے، اس کو احساس ہی بہت بعد میں ہوا ہے اور سمجھتا ہے کہ مجھے تو ہوش اب آئی ہے جب کہ بہت کچھ مَیں اپنی عمر کا حصہ ضائع کر بیٹھا اور نمازیں جو مَیں نے نہیں پڑھیں مَیں کسی طرح ان سب کو دہرا لوں۔ تو فرمایا اگر یہ ندامت کے جذبے سے بات پھوٹی ہے، اگر شرمندگی کا احساس ہے تو پھر پڑھنے دو، ہو سکتا ہے اللہ اس ندامت کو قبول فرمالے، ہمیں اس سے کیا۔ ہمارا یہ کام نہیں کہ اس میں دخل دیں۔ فرماتے ہیں:

"پڑھنے دو، کیوں منع کرتے ہو۔ آخر دعا ہی کرتا ہے۔ ہاں اس میں پست ہمتی ضرور ہے"۔

یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ کم ہمتی کا کام ہے۔ جو وقت نمازوں کے مقرر تھے ان کو تو کھو دیا اور بعد میں ندامت محسوس کی جبکہ بہت دیر ہو چکی تھی وقت گزر چکا تھا۔ پھر فرماتے ہیں:

"پھر دیکھو منع کرنے سے کہیں تم بھی اس آیت کے نیچے نہ آجاؤ جس آیت کا ذکر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نیک کام خواہ کوئی صحیح کر رہا ہو یا غلط کر رہا ہو، برمحل کر رہا ہو یا بے محل کر رہا ہو۔ اس سے روکنے سے احتراز کرنا چاہئے، کر بیٹھے تو اسے سمجھانے کی کوشش ضرور کرو۔

پس یہ جمعۃ الوداع کی برکتوں کا مضمون تھا۔ لیکن ان کی کچھ ایسی برکتیں ہیں جن کا تعلق کل عالم ہی سے نہیں بلکہ ہر زمانے سے ہے اور وہ برکتیں وہ ہیں جو اولین کو آخرین سے ملانے والی ہیں۔ وہ برکتیں ہیں جن برکتوں کے دور سے ہم آج گزر رہے ہیں۔ یہ جمعہ کا دن جماعت کی تاریخ میں ایک خاص برکت کا دن ہے۔ روزمرہ کا جمعہ تو برکتوں والا ہوتا ہی ہے لیکن یہ جمعہ جو آج کا جمعہ ہے یہ ایک ایسا جمعہ ہے جس کی برکت تاریخ سے ثابت ہے۔ خدا تعالیٰ کی جو سنت اس دَور میں جاری ہوئی ہے، اس سے ثابت ہے۔ وہ اس طرح کہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے جو چاند اور سورج گرہن کی پیشگوئی فرمائی تھی اور وہ پیش گوئی اس بات کی علامت تھی کہ وہ مہدی جس کے حق میں آسمان اس طرح گواہی دے گا اس کی وہ جماعت ہوگی جس کے متعلق قرآن کریم میں یہ ذکر ملتا ہے

ہم اس دور سے گزر رہے ہیں کہ وہ ساری برکتیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بارش کی طرح برسی ہیں ہم اسی زمانہ سے گزرتے ہوئے ان کی یادوں سے مست ہیں۔

﴿وَآخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ کہ یہ وہ لوگ ہیں جو آخر میں آئیں گے، ابھی تک صحابہ سے نہیں مل سکے مگر پھر صحابہ سے مل جائیں گے۔ یہ ان کے لئے خوشخبری ہے۔ وہ جس سچے وجود کے متعلق خوشخبری دی گئی تھی اس کے حق میں آسمان نے گواہی دینی تھی اور وہ گواہی ایک لمبے انتظار کے بعد دی گئی۔ یہ واقعہ اس طرح ہے کہ جب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعویٰ فرمایا کہ مَیں وہ مہدی ہوں جو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا مہدی ہے تو اس وقت سب کی نظریں اس آسمانی نشان پر لگ گئیں اور علماء کی طرف سے بکثرت مطالبے شروع ہو گئے کہ اگر تم وہی مہدی ہو تو وہ نشان تو دکھاؤ۔ وہ آسمانی گواہیاں تو لاؤ جن آسمانی گواہیوں نے مہدی کی تصدیق کرنی تھی۔ اور وہ کیا تھیں؟ وہ اس حدیث میں درج ہیں جس کے الفاظ میں آپ کے سامنے پڑھ کر رکھتا ہوں۔

"اِنَّ لِمَهْدِیِّنَا آیَتَیْنِ لَمْ تَکُوْنَا مُنْذُ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. یَنْکَسِفُ الْقَمَرُ لِاَوَّلَ

fozman foods

BUYING GROUP FOR GROCERS & C.T.N. SHOPS

2 SANDY HILL ROAD, ILFORD, ESSEX

TEL: 020 - 8553 3611

لَیْلَةٍ مِّنْ رَمَضَانَ وَتَنْکَسِفُ الشَّمْسُ فِی النِّصْفِ مِنْهُ.وَلَمْ تَکُوْنَا مُنْذُ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ"۔(سنن دارقطنی باب صفة صلوٰة الخسوف والکسوف و هیئتهما)

کہ ہمارے مہدی کے لئے دو نشان ہیں۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فرماتے ہیں ہمارا مہدی ہوگا وہ۔ تم ہم سے اس کو کاٹ نہیں سکتے۔ جس کے حق میں آسمان گواہی دے گا۔ چاند اور سورج گرہن کئے جائیں گے۔ رمضان میں یہ واقعہ ہوگا۔ کون ہے جو اس کو ہم سے کاٹ کر الگ کر سکے۔ وہ ہمارا مہدی ہے، ہمارا ہی مہدی رہے گا۔ اتنے پیار سے یہ پیشگوئی فرمائی اور پیشگوئی کا ملخص یہ تھا کہ چاند کو اپنی گرہن کی تاریخوں میں پہلی تاریخ کو یعنی تیرہ تاریخ کو گرہن لگے گا اور سورج کو اپنی گرہن کی تاریخوں میں درمیانے دن یعنی اٹھائیسویں کو گرہن لگے گا اور یہ واقعہ رمضان مبارک میں ہوگا۔ اور اس سے پہلے امام مہدی کا دعویدار ظاہر ہو چکا ہوگا۔ اور یہ وہ نشانی ہے جو کبھی کسی اور خدا کی طرف سے آنے والے نے اپنے حق میں پیش نہیں کی۔ "لَمْ تَکُوْنَا مُنْذُ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض" بحیثیت نشان یہ کسی اور کے حق میں ظاہر نہیں ہوئی۔ یہ پس منظر ہے جس کو مدنظر رکھیں۔

الفضل میں اس سے متعلق ایک بہت پیارا مضمون اعظم اکسیر صاحب کا شائع ہوا تھا۔ اس میں وہ ذکر کرتے ہیں کہ جب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعوے کے ایک عرصے کے بعد علماء مطالبے کر رہے تھے، ایک عام شور تھا کہ چاند اور سورج گرہن کی پیشگوئی پوری ہو تو ہم جانیں کہ یہ سچا ہے۔ تو اس وقت ۱۸۹۴ء میں رمضان مبارک میں تیرھویں رات کا چاند گہنایا گیا اور اس سے ایک عام شور برپا ہو گیا۔ کچھ توقعات جاگ اٹھیں، کچھ لوگ جو اس سے تکلیف محسوس کرتے تھے انہوں نے بددعاؤں میں تیزی کر لی اور ان کے دلوں میں خوف و ہراس پھیل گیا کہ یہ نہ ہو کہ رمضان کے مہینے میں ایک مہدی کے حق میں جیسا کہ چاند نے گہنا کر گواہی دی ہے سورج بھی یہ گواہی نہ دے دے۔ اگر ایسا ہو گیا تو ہم کیا جواب دیں گے۔ بہت دور دور سے احمدیوں کو یہ شوق پیدا ہوا کہ ہم بھی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقام پر جا کر آپ کے ساتھ اس بستی میں اس گرہن کو دیکھیں۔ جن کا ان کو یقین تھا کہ اٹھائیس تاریخ پر ہو نہیں سکتا کہ سورج گرہن نہ لگے۔ چنانچہ تین ایسے مسافروں کا ذکر اعظم اکسیر صاحب نے کیا ہے۔ (بات جو زبانی مجھے یاد ہے وہ اتنی ہی ہے کہ) ایک مرزا عبدالرحیم بیگ صاحب ہوا کرتے تھے، کسی ریاست میں وزیر تھے۔ ان کے دو بیٹے اور ان کے ایک دوست (یہ طالبعلم تھے) ان تینوں کا قافلہ لاہور سے قادیان کے لئے روانہ ہوا اور وہ سورج گرہن جس تاریخ کو لگنے کی توقع تھی یعنی اٹھائیس کو اس سے ایک دن پہلے وہ مارا مار بٹالے تک پہنچے کہ دوسرے دن صبح ہی سورج نکلنے سے پہلے پہلے وہاں پہنچ جائیں گے۔ مگر کوئی تانگہ، کوئی یکہ تیار نہ ہوا۔ وہ بیچارے پھر پیدل چل پڑے اور سحری کے وقت جا کر وہ قادیان پہنچے۔ اور اس طرح احمدیوں میں ایک عام رجحان پیدا ہو چکا تھا کہ اس دن کو خصوصیت سے قادیان میں گزاریں اور اس نشان کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ اب دیکھیں اللہ کی کیسی شان ہے کہ خدا نے ان توقعات کو کیسے پورا فرمایا۔ اسی دن صبح زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑا۔ نو بجے سورج گہنایا گیا اور سب کی آنکھیں اس طرف تھیں اور نماز کسوف و خسوف بھی شروع ہو گئی تھی اور دلوں میں جو کیفیت ہوگی ہم اس کا تصور نہیں کر سکتے۔

حیرت انگیز بات ہے تیرہ سو سال پہلے ایک پیشگوئی تھی کہ ہمارے مہدی کے لئے آسمان اس طرح گواہی دے گا۔ ایک گواہی آچکی تھی دوسری پر نظریں تھیں اور اس دن قادیان میں انہوں نے یہ عجیب نظارہ دیکھا کہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم، اصدق الصادقین کی پیشگوئی کے عین مطابق بعینہ اسی طرح ہوا جیسا فرمایا گیا تھا۔ شروع میں وہ سورج ذرا ہلکا گہنایا گیا تھا اور اس پر کچھ صحابہ نے باتیں شروع کر دیں کہ لو جی یہ تو ہلکا سا ہے یہ نہ ہو مولوی کہیں کہ گہنایا ہی نہیں گیا، تمہیں وہم ہے۔ لیکن ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ پورا سورج گہنا گیا اور نو سے گیارہ بجے تک یہ عجیب نظارہ وہاں ان لوگوں نے دیکھا۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جس کے پورا ہونے پر آج ایک سو سال گزر چکے ہیں۔ اور یہ رمضان ہے کہ سو سال بعد اس طرح پھر آیا ہے، ان پیشگوئیوں کے نشان ہمارے تک لایا ہے۔ اور عجیب بات ہے کہ جمعہ نے اس میں ایک خاص کردار ادا کیا ہے اور وہ یہ کہ جو چاند گہنایا گیا اس مہینے میں وہ جمعرات کا دن غروب ہونے کے بعد جمعہ کی رات شروع ہونے پر گہنایا گیا اور جو سورج گہنایا گیا تھا (یعنی مَیں یہ بتا رہا ہوں کہ گہنایا گیا) کی تاریخ اس طرح بنتی ہے کہ تیرہ تاریخ جو اس زمانے میں تھی وہ جب اس رمضان میں آئی تو جمعرات کا دن ختم ہو چکا تھا، جمعہ کی رات شروع ہو گئی تھی اور ہم نے جو جشن منایا وہ دراصل جمعہ ہی کی رات کو جشن منایا ہے اور آج جب کہ سورج گہنانے کا دن آیا ہے، اٹھائیس تاریخ آئی ہے تو آج جمعہ کا دن ہے۔

تو وہ جمعہ جو غیر معمولی طور پر جماعت احمدیہ کے لئے برکتوں کے لئے مقرر ہو چکا ہے جو بھر بھر کے برکتیں لاتا ہے اور ہم پر انڈیلتا ہے یہ وہ جمعہ ہے جس کے ساتھ ہماری بہت سی برکات وابستہ ہیں۔ پس جماعت احمدیہ اگر جمعہ کا احترام نہ کرے اور شکر کا حق ادا نہ کرے تو بڑی بدبختی ہوگی۔ یہ وہ سورہ جمعہ ہی ہے جس نے آخرین کو اوّلین سے ملانے کی خوشخبری دی تھی اسی کی آیات مَیں نے آپ کے سامنے تلاوت کی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے پھر یہ فرمایا: ﴿ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ. وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴾۔ یہ تو اللہ کا فضل ہے کون روک سکتا ہے اس کو۔ وہ جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور بڑے فضلوں والا ہے۔ یہ سورۃ جمعہ ہی تھی جس نے یہ خوشخبری آنے والوں کو دی کہ ایسے بھی خوش نصیب آنے والے ہیں جو آخر پر ہونے کے باوجود اوّلین سے ملا دیئے جائیں گے اور ان کے حق میں ہی آسمان نے یہ دو گواہیاں پیش کیں۔

> وہ جمعہ جو غیر معمولی طور پر جماعت احمدیہ کے لئے برکتوں کے لئے مقرر ہو چکا ہے جو بھر بھر کے برکتیں لاتا ہے اور ہم پر انڈیلتا ہے یہ وہ جمعہ ہے جس کے ساتھ ہماری بہت سی برکات وابستہ ہیں۔

اور ہم اس دور سے گزر رہے ہیں کہ وہ ساری برکتیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بارش کی طرح برسی ہیں ہم اسی زمانہ سے گزرتے ہوئے ان کی یادوں سے مست ہیں۔ عجیب کیفیت ہے یہ۔

مَیں آج سوچ رہا تھا کہ وہ جو کفار کہا کرتے تھے کہ ﴿سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌ﴾ یہ تو مسلسل جاری رہنے والا ایک سحر ہے جو پیچھا نہیں چھوڑ رہا۔ ہم بھی تو اس سحر ہی کی حالت میں سے گزر رہے ہیں۔ کیوں کہا کرتے تھے؟ اس لئے کہ وہ دیکھا کرتے تھے کہ اتنے فضل نازل ہو رہے ہیں، ایسی برکتیں اتر رہی ہیں کہ صحابہ تو گویا جادو زدہ ہیں، نشے کی حالت میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اب تو لگتا ہے وہی جادو کے دن دہرائے جا رہے ہیں کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جو برکتیں نازل ہوئی تھیں وہ بھی تو ایک سحر کا سا منظر پیش کرتی تھیں۔ اور اب ان سے گزرتے ہوئے ہمیں ایسا لطف آ رہا ہے کہ گویا ایک جادو کی دنیا میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان کا حال کیا ہوگا جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو دیکھا، آپ پر عاشق ہوئے اور اس کے بعد یوں معلوم ہوتا ہے کہ سب کچھ، سب دنیا تج کے، ہر چیز فنا کر کے، مسیح موعود ہی کے ہو رہے اور اس پیغام کو ساری دنیا میں پہنچایا ہے۔

پس اب جبکہ مَیں دعوت الی اللہ کی طرف آپ کو بلا رہا ہوں، مَیں یاد کراتا ہوں کہ ایسے ہی دنوں میں دعوت الی اللہ کا پیغام شروع ہوا تھا، ایسے ہی دنوں میں وہ آغاز ہوا تھا، اسی مستی کے عالم میں انہوں نے تمام دنیا کو پیغام پہنچائے تھے اور حیرت انگیز طور پر جبکہ ابھی کوئی مبلغوں کا، مربیوں کا نظام جاری نہیں تھا، وہ صحابہ ہی تھے جو کچھ ان پڑھ بھی تھے، کچھ پڑھے لکھے بھی تھے، کچھ بڑے بڑے علماء بھی تھے۔ مگر عالم تھے یا ظاہری لحاظ سے جاہل تھے، اندرونی لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو علوم سے آراستہ فرمایا گیا تھا۔ روحانی علوم سے ان کے سینے بھرے گئے تھے اور چھوٹا تھا یا بڑا، ظاہری طور پر عالم تھا یا جاہل وہ تمام کے تمام تبلیغ میں سرگرداں رہتے تھے اور اسی کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑی تیزی کے ساتھ جماعتیں مخالفت کے علی الرغم قائم ہوئیں۔ شدید مخالفتیں تھیں، اتنی کہ آپ آج تصور بھی نہیں کر سکتے۔ پاکستان کی تمام تر مخالفتیں ایک طرف اور وہ مخالفت کا دور جو مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے صحابہؓ نے آغاز میں دیکھا ہے اس کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں ہو سکتا۔ دن رات سارا ہندوستان بلکہ عرب تک کے علماء گالیاں دینے اور جانیں حلال کرنے کے فتوے دینے میں مشغول تھے کہ ان کی جانیں حلال ہو گئیں، ان کے اموال حلال ہو گئے، ان کی بیویاں مطلقہ ہو گئیں، کچھ بھی ان کا نہیں رہا۔ جو چاہے جس طرح چاہے ان کی عزتوں پر ہاتھ ڈالے خدا کے نزدیک مقبول ٹھہرے گا۔ یہ وہ دور تھا جس دور میں صحابہ کی یہ جماعت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عقب میں روانہ ہوئی ہے اور ہر قدم ترقی کی طرف اٹھا ہے۔ ایک لمحہ ایسا نہیں آیا کہ اس جماعت کے قدم رک گئے ہوں۔ پس خدا جب ان برکتوں کی یادیں دہرا رہا ہے اور وہ کیفیتیں ہمارے دلوں میں پیدا فرما رہا ہے جو کیفیتیں اس زمانے میں صحابہ کے دلوں میں تھیں اور سو سال کی برکت سے ہم اس دور سے دوبارہ گزر رہے ہیں تو یہ وہ جذبہ ہے جس کے ساتھ مَیں آپ کو دعوت الی اللہ کی طرف

ٹریول کی دنیا میں ایک نام

KMAS TRAVEL

پی آئی اے کے منظور شدہ ایجنٹ

جرمنی بھر سے تمام دنیا میں بالخصوص پاکستان سفر کرنے والوں کے لئے خوشخبری

پی آئی اے، گلف، امارات اور دوسری ہوائی کمپنیوں کے ٹکٹ حاصل کرنے کے لئے آپ کی خدمت کے لئے پیش پیش۔ ہر قسم کی پریشانی سے بچنے کے لئے اپنے سفر کے پروگرام کو قبل از وقت ترتیب دیں اور بکنگ کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔ —— رابطہ: مسرور محمود + کاشف محمود

KMAS TRAVEL

Dieselstr.20 , 64293 Darmstadt . Germany

Tel: 06150-866391 —— Fax: 06150-866394

Mobile: 0170-7302624

بقیہ: حضرت خواجہ غلام فریدصاحب کے ارشادات میں تحریف از صفحہ نمبر ۴

تیرھویں تاریخ ہے جو کہ چاند گرہن کی راتوں میں سے پہلی رات ہے اور سورج گرہن کے دنوں میں سے درمیانے دن سورج گرہن ہوا ہے۔ (اور وہ ماہ رمضان کی ۲۸ر تاریخ ہے)۔ بعد ازاں حضرت خواجہ صاحبؒ نے تسبیح (مالا) مبارک چارپائی پر رکھ دی اور نماز عشاء باجماعت ادا فرمائی اور یہ عاجز (رکن الدین) بھی نماز باجماعت میں شامل ہوا۔

(اشارات فریدی۔جلد سوم صفحہ ۶۹ تا ۷۲)

☆......☆......☆......☆

حضرت مسیح موعودؑ کی بے ادبی پر حضرت خواجہؒ کا انتباہ اور حضور کے مہدی برحق ہونے پر عارفانہ بیان

(ترجمہ) مقبوس نمبر ۵۶۔ بعد از نماز ظہر بروز منگل بتاریخ ۲۷ر ماہِ رمضان المبارک ۱۳۱۴ھ)

حضرت خواجہ صاحب کی پابوسی اور زیارت کا شرف حاصل ہوا جس سے بہتر کوئی عبادت اور سعادت نہیں...... اسی اثناء میں حافظ گموں سکنہ حدود گڑھی بختیار خان نے حضرت مرزا غلام احمدؑ صاحب قادیانی کے متعلق نامناسب اور ناروا باتیں کہنی شروع کیں۔ اس وقت حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ بقائہ کا چہرہ مبارک متغیر ہو گیا اور آپ نے اس حافظ کو تنبیہ کی اور اسے ڈانٹا۔ اس حافظ نے عرض کی کہ قبلہ! جبکہ مرزا صاحب میں حضرت عیسیٰ بن مریم کے حالات و صفات اور مہدیٔ موعود کے اوصاف نہیں پائے جاتے تو ہم کس طرح اعتبار کر لیں کہ وہ عیسیٰ اور مہدی ہیں۔ حضور خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ بقائہ نے فرمایا کہ مہدی کے اوصاف پوشیدہ اور چھپے ہوئے ہیں وہ اوصاف ایسے نہیں جیسے لوگوں کے دلوں میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیا تعجب ہے کہ یہی مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مہدی ہوں۔ جیساکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ بارہ (۱۲) دجّال ہیں۔ پس اسی قدر مہدی ہیں۔ اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ عیسیٰ اور مہدی ایک ہی شخص ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ یہ کوئی شرط نہیں ہے کہ مہدی کی تمام علامات جو کہ لوگوں کے فہم کے مطابق بیٹھی ہوئی ہیں ظاہر ہو جائیں۔ بلکہ اے حافظ! بات دوسری طرح ہے۔ اگر اسی طرح ہوتا جیساکہ لوگ خیال کرتے ہیں تو تمام دنیا مہدیٔ برحق کو جان لیتی اور اس پر ایمان لے آتی جیساکہ پیغمبر ہیں کہ ہر نبی کی امت کئی گروہ ہو گئی۔ بعض پر اس پیغمبر کا حال ظاہر ہو گیا۔ وہ اس پر ایمان لاتے رہے۔ اور بعض پر اس پیغمبر کا حال ظاہر ہی نہیں ہوا۔ اس وجہ سے اس گروہ نے انکار کر دیا اور کافر ہو گیا۔ اگر ہر نبی کی امت پر اپنے وقت کے نبی کا حال منکشف ہو جاتا تو تمام مسلمان ہو جاتے جیساکہ آنحضرت ﷺ ہیں کہ آنحضرت صلعم کے اوصاف و علامات کتب سماویہ میں لکھے ہوئے تھے اور جب آنحضرت ﷺ ظاہر ہوئے اور مبعوث ہو گئے تو انہوں نے بعض علامات کو اپنی سمجھ اور فہم اور خیال کے مطابق نہ پایا۔ پس جن لوگوں پر آنحضرت ﷺ کا معاملہ ظاہر ہو گیا تو وہ ایمان لے آئے اور جس گروہ پر آپ کا حال نہ کھلا انہوں نے انکار کر دیا۔ اسی طرح مہدی کا حال ہے۔ پس اگر مرزا صاحب مہدی ہوں تو کونسی بات مانع ہے"۔

(صفحہ ۱۲۳،۱۲۴)

☆......☆......☆......☆

مکفر علماء کے اصرار و مطالبہ کے باوجود مومنانہ شان کے ساتھ فتویٰ کفر پر دستخط کرنے سے قطعی انکار

ترجمہ: مقبوس نمبر ۸۳۔ بوقت ظہر بروز جمعۃ المبارک ۴ر ذوالحج ۱۳۱۴ھ)۔

حضرت خواجہ صاحبؒ کی پابوسی اور زیارت کا شرف حاصل ہوا جس سے بہتر کوئی عبادت اور سعادت نہیں ہے......

اس کے بعد مولوی غلام دستگیر قصوری جو کہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے ساتھ کمال مخالفت رکھتا تھا اور اس کے پاس حضرت مرزا صاحب کے خلاف کفر کے فتوے لکھے ہوئے تھے حضرت خواجہ صاحبؒ کی خدمت میں آیا اور آداب بجا لا کر بیٹھ گیا۔ اور چند کتب حضرت مرزا غلام احمد صاحبؑ قادیانی کی تصنیفات میں سے جو کہ اپنی بغل میں دبائے ہوئے تھا حضرت خواجہ صاحب کے سامنے رکھ دیں۔ اور ہر ایک کتاب میں سے وہ مقامات جن پر اس نے نشان لگائے ہوئے تھے ایک ایک کر کے حضرت خواجہ صاحبؒ ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ ونفعنا وایاکم بلقائہ کے سامنے پڑھتا۔ اور کہتا دیکھئے! اس جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کی ہے۔ اور اس جگہ دیگر انبیاء علیہم السلام کی توہین کی ہے اور حقیقت حال یوں ہے کہ مرزا صاحب نے عیسائیوں اور یہودیوں کی تردید کے پیش نظر انجیل اور تورات (جن میں تحریف ہو چکی ہے) سے اس قسم کی مذموم باتیں جو ان کتابوں میں پائی جاتی ہیں اپنی کتابوں میں نقل کی تھیں۔ لیکن مولوی غلام دستگیر کو اس حقیقت سے آگاہی نہ تھی۔

اس وجہ سے اس نے حضرت خواجہ صاحبؒ کے سامنے حضرت مرزا صاحب کی مذمت کی۔ حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے اُس کی تمام تقریر کو سنا اور اُس کو کوئی جواب نہ دیا۔ اس کے بعد جناب مولوی غلام احمد صاحب اختر نے عرض کی کہ قبلہ! جو کچھ حضرت مرزا صاحب علیہ السلام نے لکھا ہے وہ عیسائیوں کو کہتے ہیں کہ جو کچھ تمہاری انجیل اور تورات (جو محرف ہیں) میں لکھا ہوا ہے کہ یسوع اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے اور یہ کہ تم تثلیث اور کفارہ کا عقیدہ رکھتے ہو اور دیگر بری باتیں اور توہین جو کہ یسوع اور دیگر انبیاء علیہم السلام کے متعلق انجیل اور تورات سے ظاہر ہوتی ہیں یہ سب باتیں سراسر بہتان ہیں اور ایسے ہی یسوع بھی ایک فرضی شخصیت ہے اور وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہ جن کی نبوت اور اوصاف اور معجزات کے متعلق قرآن شریف خبر دیتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا بندہ ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا نبی ہے۔ اور وہ ہماری آنکھوں کا نور ہے۔ پس بہتر ہے کہ اُس یسوع کا مذہب جسے تم نے اپنے دل میں بٹھایا ہوا ہے اس کو چھوڑ دو اور ترک کر دو۔ اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے حق میں گالی گلوچ اور فحش باتیں نہ کہو اور آنحضرت صلعم کے پیش فرمودہ دین اسلام کو قبول کر لو ورنہ مَیں تمہارے اس فرضی یسوع کی اس سے زیادہ خبر لوں گا۔ (تمہاری کتابوں سے) حضرت خواجہ ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے فرمایا: ہاں ٹھیک، حقیقتاً اسی طرح ہے۔

بعد ازاں مولوی غلام دستگیر مذکور نے عرض کیا کہ وہ خط جو حضور نے مرزا صاحبؑ قادیانی کو لکھا ہے۔ مرزا صاحب نے حضور کے اس خط کو اپنی کتاب "انجام آتھم" کے ضمیمہ میں درج کر کے شائع کر دیا ہے اور اخبارات میں چھپوا کر دنیا کے چاروں طرف شائع کر دیا ہے اور حضور کے اس خط کو مرزا صاحبؑ نے اپنی سچائی کی مضبوط سند قرار دی ہے اور تمام روئے زمین کے علماء و صلحاء پر نمایاں طور پر حجت قرار دی ہے اور وہ (حضرت اقدس مرزا صاحب) کہتے ہیں کہ دیکھئے! اس طرح شیخ اکبر واعظم جو جہان میں مقتداء ہیں میرے موقف کی صحت کے معترف ہیں۔ اور مجھ کو اللہ تعالیٰ کے صالح بندوں میں سے جانتے ہیں۔ پس حضور کو چاہئے کہ اس سے سروکار نہ رکھیں اور دنیا کے علماء کی حمایت فرمائیں اور وہ اس طرح کہ حضور بھی ان فتووں پر جو ہم نے ان (مرزا صاحب) کے انکار اور ردّ میں لکھے ہیں حضور بھی ان کے کفر کا فتویٰ خود لکھ دیں۔ مگر حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے اُس فتویٰ پر ہرگز اپنے دستخط نہ کئے............ اُس وقت حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ مرزا غلام احمد قادیانی حق پر ہیں اور اپنے معاملہ میں راستباز و صادق ہیں اور آٹھوں پہر اللہ تعالیٰ حق سبحانہ کی عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور اسلام کی ترقی اور دینی امور کی سربلندی کے لئے دل و جان سے کوشاں ہیں۔ مَیں اُن میں کوئی مذموم اور قبیح چیز نہیں دیکھتا۔ اگر انہوں نے مہدی اور عیسیٰ ہونے کا دعویٰ کیا ہے تو یہ بھی ایک ایسی بات ہے جو جائز ہے۔

(اشارات فریدی جلد ۳ صفحہ ۱۷۷ تا ۱۷۹)

عبداللہ آتھم کی پیشگوئی کے مطابق ہلاکت کا اعلان حق

(ترجمہ) مقبوس نمبر ۷۔ بوقت مغرب۔

سوموار کی رات۔ ۱۸ر ماہ جمادی الاول ۱۳۱۴ھ

......بعد ازاں ایک شخص نے باوا گرونانک رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کیا۔ اس کے بعد کچھ ذکر حضرت مرزا غلام احمد صاحبؑ قادیانی اور پادری عبداللہ آتھم (جو حضرت اقدسؑ کا مخالف تھا) کا چل پڑا۔ اور خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے فرمایا کہ اگرچہ عبداللہ آتھم حضرت مرزا غلام احمد صاحبؑ قادیانی کی پیشگوئی (جو انہوں نے عبداللہ آتھم کی موت کے متعلق کی تھی) کی مقررہ مدت کے اندازاً اور حد سے باہر چلا گیا یعنی پیشگوئی کی میعاد کے بعد فوت ہوا مگر مرزا صاحب کے سانس (یعنی بددعا) سے مرا۔

اسی اثناء میں حاضرین مجلس میں سے ایک شخص نے عرض کی کہ کیا یہ عبداللہ آتھم جو مرزا صاحب قادیانی کی بددعا سے مرا ہے یہ وہی شخص ہے جس کا سر ہر سال انگریزوں کے پاس بھیجا جاتا تھا یا کوئی اور؟ تو حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے فرمایا کہ یہ وہ نہیں ہے، وہ سید احمد نیچری ہے وہ مسلمان ہے اور یہ عبداللہ آتھم عیسائی ہے۔

(اشارات فریدی جلد ۳ صفحہ ۱۴، ۱۵)

اس کے بعد خواجہ صاحب نے فرمایا کہ مرزا صاحب نے عبداللہ آتھم پادری کی موت کے متعلق پیشگوئی کی تھی کہ وہ ایک سال کے عرصہ کے اندر مر جائے گا۔ لیکن واقعہ اس کے خلاف وقوع میں آیا۔ یعنی پادری آتھم اس موعود سال کے گزر جانے پر دوسرے سال مرا۔ اس کے بعد حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ جب یہ بات مولوی نورالدین صاحبؓ (جو کہ حضرت مرزا صاحبؑ کے مرید ہیں) کے سامنے بیان ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ ہم لوگوں کا اعتقاد حضرت مرزا صاحب کے حق میں اس قسم کا نہیں ہے کہ آتھم پادری کے موعود سال کے اندر نہ مرنے سے متزلزل ہو کر ختم ہو جائے۔ کیونکہ اس قسم کے واقعات اللہ تعالیٰ کی بعض مصلحتوں کے ماتحت سابقہ انبیاء کرام کے وقت بھی پیش آتے رہے ہیں۔ چنانچہ واقعہ حدیبیہ سے قبل حضرت محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ رسول خدا ﷺ نے اپنے اصحابؓ سے فرمایا تھا کہ ہم اس سال بیت اللہ شریف کا طواف کریں گے حالانکہ ان تینوں باتوں میں سے کوئی بات بھی وقوع میں نہ آئی اور حضور علیہ السلام کفار کے ساتھ صلح کر کے مقام حدیبیہ سے واپس تشریف لے آئے۔ اس کے بعد حضرت خواجہ صاحب ابقاہ اللہ تعالیٰ ببقائہ نے فرمایا کہ یہ مولوی نورالدینؓ وہ بلا ہے جسے ہندوستان میں علامہ کہتے ہیں۔

(اشارات فریدی جلد ۳ صفحہ ۴۳،۴۴)

نوٹ: مندرجہ بالا حوالوں کا ترجمہ مولانا عبدالمنان صاحب شاہد مربی سلسلہ احمدیہ مرحوم کی مشہور کتاب "شہادات فریدی" مطبوعہ نومبر ۱۹۶۱ء سے لیا گیا ہے۔ فجزاہ اللہ وجعل مثواہ فی الجنۃ)

ناصر باغ سے دو کلومیٹر کے فاصلہ پر
PIZZA HEIM SERVICE
IN GROSS GERAU GERMANY
ZU VERKAUFEN
(برائے فروخت)
رابطہ
0049-06152-83274

بلاتا ہوں۔ کوئی پروانہ کریں دشمن اس راہ میں کیسے کیسے روڑے اٹکاتا ہے اور کیسی کیسی تکلیف محسوس کرتا ہے۔ دشمن کی تکلیف آپ کی خوشیوں کو آپ کے دلوں سے کیسے نوچ سکتی ہے، یہ ناممکن ہے۔

پاکستانی حکومت نے پہلے تو بغیر کسی قانون کے ان مظلوموں پر ہاتھ ڈال دئے جو خوش ہو رہے تھے کہ خداتعالیٰ نے سوسال کے بعد ہمیں پھر وہ دن دکھائے جبکہ چاند سورج کے گرہن کی عظیم پیشگوئی پوری ہوئی۔ ان کو قیدوں میں ڈالا گیا، گھسیٹا گیا، مارا کوٹا گیا، گالیاں دی گئیں، ان کے خلاف تحریکات چلیں۔ پتوکی میں کیا ہوا؟ لاہور میں کیا ہوا؟ ربوہ میں کیا ہوا؟ جگہ جگہ ایسے واقعات ہیں اور کوشش کیا ہے کہ اللہ نے ان پر جو فضل فرمایا ہے اس سے جو خوش ہورہے ہیں یہ خوشیاں ان سے نوچ لیں۔ خوشیاں تو وہ دلوں سے نہیں نوچ سکتے، نہ ہمیں یہ توفیق ہے کہ ان کے دل میں حسد نے جو غیظ برپاکر رکھا ہے، آگ کھول رہی ہے، اس آگ کو ٹھنڈا کر سکیں۔ نہ ان کو توفیق، نہ ہمیں توفیق۔ ہم دونوں بندے ہیں، بے اختیار ہیں۔ یہ ہمارا اللہ ہی ہے جو غیظ و غضب کی آگ کو ٹھنڈا کر سکتا ہے۔ اور یہ اللہ ہی ہے جو ہماری خوشیوں کو اور بڑھا تا چلا جائے گا۔ پس اہل ربوہ اور اہل پاکستان کی ان خوشیوں کی راہ میں جو خدا نے ان کو عطا کی ہیں روڑے اٹکانے والوں کا بدلہ مَیں نے اس طرح لیا کہ آج کے دن بین الاقوامی احمدیہ ٹیلی ویژن کو ہدایت کی کہ وہ چاند اور سورج کے گرہن کی خوشخبریاں اہل ربوہ کے نام سے منسوب کر کے ان کا ذکر، ان کی خوشیوں کے پروگرام بنائیں، وہ ساری دنیا کو دکھائیں۔ اس وقت تو مَیں نے اہل ربوہ کا نام لیا تھا غالباً یہی نام لیا جارہا ہوگا۔ لیکن اب مجھے خیال آیا کہ صرف ربوہ نہیں اور بھی تو پاکستان کے احمدی ہیں جن کے متعلق اب قانون بنا کر نوٹس دئے جاچکے ہیں کہ خبردار جو تم خدا کے فضلوں پر خوش ہو۔ پھر خدا کے فضلوں کو روک دو اگر روکا جاسکتا ہے تو!۔ خوشی کس طرح چھین سکتے ہو۔ فضل نازل ہونگے تو خوش تو ہم ہونگے۔ لیکن خدا کے فضلوں کو روکو گے کیسے؟ یہ تو سمجھاؤ!۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ﴾ تمہیں نصیب نہیں ہوا تو جس کو دیتا ہے اس کو دے گا اور دیتا چلا جائے گا اور روکو گے کیسے؟ وہ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم ہے، بڑے فضل ہیں اس کے پاس۔ ایک کو روکو گے تو دس اور عطا فرمادے گا۔ دس روکو تو ہزار اور عطا کر دے گا۔ پس جماعت احمدیہ کے اوپر خدا کے جو فضل برس رہے ہیں ان کو تو روکنے کی تمہیں طاقت نہیں۔ لگالو زور۔ خوشیاں بھی نوچ نہیں سکتے۔ وہ تو دلوں میں پیدا ہوتی ہیں۔ اور کوئی دنیا کی طاقت تمہارے دلوں سے وہ غیظ اور غضب اور حسرت نوچ نہیں سکتی۔ وہ تو بڑھنی ہی بڑھنی ہے۔ قرآن کریم کی پیشگوئی ہے کہ یہ لوگ جو آخرین میں پیدا ہوں گے یہ اللہ کے فضل کے ساتھ بڑھیں گے۔ ان کے حق میں پیشگوئیاں پوری ہونگی۔ ایک کھیتی کی طرح نشوونما پاکر بلند تر ہونگے اور مضبوط تر ہوتے چلے جائیں گے۔ تو بعض ظالم ایسے ہیں کہ ان کے مقدر میں غیظ و غضب کے سوا کچھ نہیں۔﴿لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ﴾ وہ جو مسیح موعود کے منکر ہیں ان کے لئے غیظ کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پس اس غیظ کا کیا علاج ہے میرے پاس جبکہ خدا فرماتا ہے کہ ہر احمدیت کی ترقی پر یعنی احمدیت کا لفظ نہیں ہے۔ مَیں وضاحت کر دوں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی دوسری شان کے اظہار کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ شان احمدی، وہ شان جو مسیحیت سے ملتی جلتی ہے۔ وہ شان جس کا انجیل میں ذکر ہے اس لئے بطور استنباط مَیں یہ بات کہہ رہا ہوں کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی وہ شان جس کا تورات سے تعلق تھا وہ اور طرح بیان ہوئی ہے۔ اس میں بڑا جلال ہے اس میں بڑی شان ہے اور ایک ایسا رعب اس میں پایا جاتا ہے ﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ﴾ وہ کفار پر بڑے سخت ہیں، ان کو طاقت نصیب ہے، ان کو تلوار نصیب ہوئی ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو سزائیں دیتے ہیں، ایک شان یہ ہے۔ اور پھر فرمایا﴿وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ﴾ لیکن انہی لوگوں کی ایک مثال انجیل میں بھی تو دی گئی ہے وہ مختلف ہے۔ اس شان میں ان کی نرمی، ان کے حلم کا ذکر ہے۔ ان کے رفتہ رفتہ نشوونما پانے کا ذکر ہے۔ ان کے ایسے کمزور آغاز کا ذکر ہے کہ دشمن چاہے تو سمجھے گا کہ مَیں اپنے پاؤں تلے روند دوں گا۔ اور یہ جو پودا کونپلیں نکال رہا ہے اس کو اپنے قدموں تلے مسل کے رکھ سکتا ہوں یہ وہ شان ہے۔ اب دیکھیں پہلی شان اور اس شان میں بیان کے لحاظ سے اور طرز کے لحاظ سے زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ایک ہی دَور کے دو ذکر نہیں ہیں۔ پس ہم حق بجانب ہیں یہ کہنے پر کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی جس شان کی مسیح نے خبر دی تھی اس شان نے اسی زمانے میں ظاہر ہونا تھا جس زمانے میں امت محمدیہ میں مسیح نے ظاہر ہونا تھا۔ پس کیسی مناسبت ہے۔ کوئی بات قرآن کی طرف منسوب نہیں کی جارہی جو قرآن نہیں کہتا۔ پس دو مثالیں اتنی کھلی کھلی واضح الگ الگ حالات پر اطلاق پانے والی ہیں کہ بیک وقت ان کا اطلاق ہو نہیں سکتا۔ مگر ساتھ ہی مسیحیت کی پیشگوئی کی وجہ سے جو مسیح نے محمد رسول اللہ کے متعلق فرمائی اور حضرت محمد رسول اللہ نے اس مسیح کے متعلق اپنی امت میں آنے کی خبر دے دی۔ ان مضامین کو جب آپ اکٹھا دیکھتے ہیں تو وہ باتیں نکلتی ہیں جو مَیں آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ ہم ہی ہیں وہ آخرین کے دور میں پیدا ہونے والے جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ برکتیں پائیں۔ ہم ہی ہیں جو ان صحابہ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کر رہے ہیں جن کو آخر میں ہونے کے باوجود اولین سے ملایا گیا تھا اور ہم وہ خوش نصیب ہیں جو سوسال کے بعد پیدا کئے گئے ہیں۔ اس زمانے میں پیدا کئے گئے ہیں جب مسیح موعود کی سوسالہ تاریخ اول سے آخر تک دہرائی جارہی ہے وہ ساری برکتیں اللہ تعالیٰ ہمیں عطا فرمارہا ہے۔

دعا ہمیں یہی کرنی چاہئے کہ ہم میں سے بھاری تعداد ایسی ہو جو بیاسی (۱۹۸۲ء) سے لے کر آخر تک کم از کم ۲۰۰۸ء تک زندہ رہ کر اللہ کے فضلوں کے گواہ بنتے رہیں۔

مَیں نے اپنی خلافت کے بعد پہلے خطاب میں جماعت کو متوجہ کیا تھا کہ یاد رکھو یہ غیر معمولی دن ہیں جن میں ہم داخل ہوئے ہیں۔ بیاسی (۱۸۸۲ء) میں پہلا ماموریت کا الہام ہوا ہے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اور بیاسی (۱۹۸۲ء) ہی میں اللہ تعالیٰ نے مجھے قائم فرمایا۔ اس خلافت کے بعد سے وہ ساری تاریخ بیاسی سے لے کر آخر تک دہرائی جارہی ہے اور دہرائی جائے گی۔ وہ ساری برکتیں جو مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے عطا کرنی شروع کی تھیں یہ اسی دور سے تعلق رکھتی ہیں۔ سب اس میں شریک ہیں، مَیں نہیں، آپ سب۔ وہ ساری جماعت جس کو خدا نے آغاز سے لے کر آخر تک کے لئے ان برکتوں کو دیکھنے کے لئے چن لیا ہے۔ اللہ بہتر جانتا ہے کہ ہم میں سے کتنے ہیں جو کتنی برکتیں دیکھیں گے۔ مگر دعا ہمیں یہی کرنی چاہئے کہ ہم میں سے بھاری تعداد ایسی ہو جو بیاسی (۱۹۸۲ء) سے لے کر آخر تک کم از کم ۲۰۰۸ء تک زندہ رہ کر اللہ کے فضلوں کے گواہ بنتے رہیں۔ اور یہ وہ مبارک عظیم دور ہے جس میں سے ہم گزر رہے ہیں اس کا شکر کا حق کیسے ادا ہو سکتا ہے۔ ناممکن ہے۔ یہ وہ جادو ہے جو مَیں کہہ رہا ہوں جس کے نشے میں ہم چل رہے ہیں اور یہی وہ جادو ہے جو حقیقت بن کر دنیا کی تقدیر بدلے گا۔ آپ پر اس جادو کا نشہ طاری ہے تو یاد رکھیں کہ پھر اس سے دنیا میں بھی تبدیلیاں پیدا ہونگی۔ اس روح کے ساتھ آپ ترقی کی اس راہ پر آگے سے آگے بڑھتے چلے جائیں۔ دشمن تکلیفیں پہنچاتا ہے پہنچاتا رہے، فضلوں کی راہ نہیں روک سکتا، نہیں روک سکتا، نہیں روک سکے گا۔ جو چاہے کرلے۔ لیکن آپ وفا کے ساتھ اس راہ پر قدم رکھتے رہیں، اس سے قدم ہٹائیں نہیں۔

مَیں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہر آنے والا دن ہمارے لئے اور برکتیں لے کے آئے گا۔ ہر آنے والا ہفتہ ہمارے لئے اور برکتیں لے کے آئے گا۔ ہر آنے والا مہینہ ہمارے لئے اور برکتیں آسمان سے انڈیلے گا۔ ہر آنے والا سال برکتوں کے ساتھ ہمارا خیر مقدم کرے گا۔ ہر جانے والا سال برکتیں چھوڑ کر ہمارے لئے جائے گا۔

مَیں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہر آنے والا دن ہمارے لئے اور برکتیں لے کے آئے گا۔ ہر آنے والا ہفتہ ہمارے لئے اور برکتیں لے کے آئے گا۔ ہر آنے والا مہینہ ہمارے لئے اور برکتیں آسمان سے انڈیلے گا۔ ہر آنے والا سال برکتوں کے ساتھ ہمارا خیر مقدم کرے گا۔ ہر جانے والا سال برکتیں چھوڑ کر ہمارے لئے جائے گا۔ یہ عظیم دَور ہے جس میں سے ہم گزر رہے ہیں۔ پس خدا کے شکر کے گیت گاتے ہوئے اس کی حمد و ثنا کرتے ہوئے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم پر درود بھیجتے ہوئے آگے سے آگے بڑھتے چلے جاؤ، کوئی نہیں جو تمہاری راہ روک سکے۔

خطبہ ثانیہ کے بعد حضور انور نے فرمایا:(وہ جو باہر کے ملکوں میں اس وقت جمعہ کا خطبہ سن رہے ہیں ان کی اطلاع کے لئے مَیں بتا دیتاہوں کہ وہ جو جشن کے عالمی پروگرام ہیں ان کی کچھ جھلکیاں انشاء اللہ جمعہ کے بعد بھی دکھائی جائیں گی اس لئے ٹیلی ویژن فوراً بند کر کے رخصت نہ ہوجائیں)۔

وقف جدید کا مالی سال ۲۰۰۰ء

وقف جدید کا مالی سال ۳۱ر دسمبر ۲۰۰۰ء کو اختتام پذیر ہو رہا ہے۔ جنہوں نے ابھی تک کسی وجہ سے اپنے وعدہ کے موافق پوری ادائیگی نہیں کی وہ سال ختم ہونے سے پہلے پہلے ادائیگی فرمادیں اور جو ابھی تک اس بابرکت تحریک میں شمولیت سے محروم ہیں وہ اس میں شامل ہو کر خداتعالیٰ کے فضلوں کے وارث بنیں۔ اس سلسلہ میں سیکرٹریان وقف جدید خصوصی مساعی بروئے کار لائیں۔

تمام امراء کرام، مبلغین کرام اور صدر صاحبان جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ وصولی کی رپورٹ جلد وکالت مال لندن کو پہنچانے کا انتظام فرمادیں۔ جزا کم اللہ احسن الجزاء۔

(ایڈیشنل وکیل المال۔لندن)

"اشارات فریدی" کے ترجمہ سے حضرت مسیح موعودؑ سے متعلق حضرت خواجہ صاحب کے مکاتیب اور ارشادات حذف کر دئے گئے

حضرت خواجہ صاحب کے ملفوظات پانچ جلدوں میں شائع ہوئے تھے جو نایاب ہو چکے تھے۔ اُن کے ایک عقیدتمند "مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری" نے بڑی تگ ودو اور تلاش کے بعد حاصل کئے اور ان کا نہایت عمدہ، رواں اور سلیس اردو میں ترجمہ کیا۔ یہ ترجمہ "بزم اتحاد المسلمین لاہور پاکستان" (طارق روڈ لاہور) نے رجب ۱۴۱۱ھ میں دیدہ زیب شکل میں شائع کیا مگر افسوس صد افسوس فاضل مترجم نے حضرت خواجہ صاحب کے حضرت مسیح موعودؑ کے نام جملہ مکاتیب اور مذکورہ بالا ایمان افروز ارشادات ترجمہ سے یکسر خارج کر دئے۔ یہ سلوک ایک مرید کی طرف سے اپنے مرشد حق کی کتاب کے ساتھ کیا گیا ہے جس کی نسبت اسے خود مسلم ہے کہ:

"یہ کتاب حضرت خواجہ صاحب کی زندگی کے آخری نو دس سال کی کاوش اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔ اور مریدین کی ظاہری و باطنی تعلیم و تربیت کے متعلق بیش بہا جواہرات سے لبریز ہے۔ اس کتاب میں ایسی جامعیت ہے کہ جہاں اس سے عامۃ الناس مستفیض ہو سکتے ہیں طالبان راہ حق کے تمام طبقات یعنی مبتدی متوسط اور منتہی سب کے لئے ان کے حسب استعداد اسباق و نکات موجود ہیں"۔

"مقابیس المجالس جس کو آئندہ ہم سہولت کی خاطر اشارات فریدی سے موسوم کریں گے کی پہلی تین جلدوں کی طباعت آپ کے خلیفۂ جانشین قطب الموحدین حضرت خواجہ محمد بخش قدس سرہ کے زیر سرپرستی نواب محمد عبدالعلیم خان والیٔ ریاست ٹونک نے جو حضرت اقدس کے راسخ العقیدہ مرید تھے۔ سال ۱۳۲۱ھ یعنی آپ کے وصال کے دو سال بعد مطبع مفید عام آگرہ میں کرائی"۔

("مقابیس المجالس" صفحہ ۸۸۔۸۹)

قرآن مجید نے یہودی احبار کو تحریف کا مجرم قرار دے کر جس درجہ زجر و توبیخ فرمائی ہے اس کی مزید تشریح کی ضرورت نہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ محدث دہلوی فرماتے ہیں:

"اگر تم اس امت میں یہود کا نمونہ دیکھنا چاہو تو ان علماء سوء کو دیکھ لو"۔

(ترجمہ الفوزالکبیر صفحہ ۱۷۔ ناشر ادارہ اسلامیات لاہور فروری ۱۹۸۲ء)

اہلحدیث عالم مولوی ثناء اللہ صاحب نے اخبار اہل حدیث ۱۹/اپریل ۱۹۰۷ء میں یہ برملا اعتراف کیا کہ "**قرآن میں یہودیوں کی مذمت کی گئی ہے کہ کچھ حصہ کتاب کا مانتے ہیں اور کچھ نہیں مانتے۔ افسوس کہ آج ہم اہل حدیثوں میں بالخصوص یہ عیب پایا جاتا ہے**"۔

(بحوالہ زجاجہ صفحہ ۱۹۷۔ مؤلفہ سید طفیل محمد شاہ صاحب مطبع آرٹ پریس ۱۵۔انارکلی لاہور)

بقیہ:جلسہ سالانہ تنزانیہ از صفحہ ۱۶

گورنر دار السلام کا خطاب

جلسہ کے اس اجلاس میں مہمان خصوصی جناب یوسف مکامبا (Yusuf Miakamba) ریجنل کمشنر (صوبائی گورنر) تھے جنہوں نے اپنے خطاب میں جماعت احمدیہ کی تنزانیہ میں مثالی کام کرنے پر بہت تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ حکومت سے مکمل تعاون کرنے والی جماعت ہے اور علم اور صحت کے شعبہ میں اس نے عوام کی بہت خدمت کی ہے۔ خطاب کے بعد مکرم امیر صاحب نے کمشنر موصوف کو چند جماعتی کتب کا تحفہ پیش کیا۔

سونگیا سے آئے ہوئے اطفال نے اردو زبان میں نظم "ہے دست قبلہ نما لا الہ الا اللہ" گروپ کی صورت میں پڑھی۔ اس اجلاس میں بعض دیگر تقاریر بھی ہوئیں۔

دوسرا اجلاس

نماز ظہر و عصر اور کھانے کے بعد جلسہ کے دوسرے اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا بعدہ محترم عبدالرحمٰن آمے صاحب نے "اسلام میں نبوت کا انعام"، محترم علی سعید صاحب نے "قیادت کے بارہ میں اسلامی تصور" کے موضوع پر تقاریر کیں۔ بعدہ محترم امیر صاحب نے مختلف مقابلوں میں انعام حاصل کرنے والوں کو انعامات دئے۔ یہ مقابلہ جات انصار اللہ اور خدام الاحمدیہ کے اجتماعات کے موقعہ پر ہوئے تھے۔ آخر پر سوال وجواب کی ایک مجلس کے ساتھ یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

تیسرا دن۔ پہلا اجلاس

تیسرے دن کا پہلا اجلاس صبح ساڑھے نو بجے مکرم موسیٰ صاحب نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد محترم شیخ عبدالرحمٰن خان صاحب نے "صحابہ کرام کی اطاعت رسول ﷺ" کے موضوع پر تقریر کی۔ آپ کے بعد مکرم خمیس میرو صاحب نے "تنزانیہ میں احمدیت"، شیخ احمد داؤد موٹو صاحب نے "اسلام دین کامل" اور خاکسار فرید احمد تبسم نے "انفاق فی سبیل اللہ" کے موضوع پر تقاریر کیں۔

جلسہ سالانہ تنزانیہ (مشرقی افریقہ) ۲۰۰۰ء کے دو مناظر

تیسرا دن۔ آخری اجلاس

